حکمت کا درویشی خزانہ یعنی

قوت باہ

تحفہ درویش



پرانی نایاب کتاب تحفہ درویش سنہ ۱۸۴۰

یعنی

سنیاسی قوت باہ

مؤلفہ

حکیم مولوی محمد عمر صاحب لاہوری



قیمت [illegible] روپے

گھر بیٹھے بذریعہ ڈاک کتابیں منگوانے کا پتہ

فرم شمع کتاب گھر اندرون خیرانوالہ لاہور

دیباچہ

گھریلو زندگی کا لطف اور میاں بیوی کی محبت کا دارومدار مردکی قوت اور رجولیت سے اکثر نسبت کچھ وابستہ ہے جہاں یہ نہیں سینکڑوں جھگڑے بکھیڑے موجود ذرا ذراسی بات پر لڑائی ۔انسان نے بچپا شیر پایہ اپنی جہالت سے خود ہی بہت سی تکلیف کا باعث بن جاتا ہے جوانی دیوانی کے نشے میں اپنی غلط کاریوں کی وجہ سے اپنے ہاتھوں اپنا کام بگاڑ کر کبھی خانہ بربادی کا باعث اور کبھی خودکشی کا موجب ہوتا ہے یہ چھوٹی سی کتاب ہرچہ بقامت بہتر بقیمت بہتر کی مصداق ایسے ہی لوگوں کی زندگی کو خوشگوار بنانے اور انہیں خانہ بربادی کے پرالام پنجرے سے چھڑانے کیلئے بنائی گئی ہے جسکے نسخوں پر عمل کرتے ہر پژمردہ دل بشر اپنے گل مقصود کو حاصل کر کے بقیہ عمر عیش و کامرانی سے گزار سکتا ہے ۔خلاصہ یہ کہ اس کتاب میں باہ کے متعلق ہر پہلو پر کافی روشنی ڈالی گئی ہے اسمیں ضعف کے وجوہات اور ان کو رفع کرنے کی تدابیر نہایت اختصار سے بیان کی ہیں ۔باہ کو بڑھانے اور قوت مردمی کو اکسانے کے نہایت کارآمد اور مجرب نسخے درج ہیں جو بہت کم خرچ اور عام سہل دستیاب ہیں ۔کشتے، طلاء، پٹیاں، معجون، چٹکلے اور غذائی ادویہ سب کچھ اس میں درج ہیں ۔ الغرض یہ چھوٹا سا رسالہ باہ کے متعلق بہت ضخیم کتاب سے بہت بہتر ثابت ہوگا ۔ انشاء اللہ

"حکیم مولوی محمد عمر لاہوری"

آئینہ قوّتِ باہ

باہ: قوت رجولیت کا نام باہ ہے جسکے ذریعہ فعل مباشرت تکمیل پاتا ہے۔ مجامعت ہر حیوان کیلئے ایک طبعی فعل ہے۔ جس کی تکمیل اعضائے رئیسہ کی صحت پر منحصر ہے۔ اس بارہ میں حکیموں نے ۴ اعضائے رئیسہ تسلیم کئے ہیں تین ۳ اعضا تو وہی ہیں جولب عامہ میں مشہور ہیں۔ یعنے دل و دماغ اور جگر اور چوتھا صرف فعل رجولیت کیلئے اس میں مانا گیا ہے۔ وہ عضو مخصوص ہے۔ بقائے نسل کا تعلق ہے۔ عضو مخصوص کے ساتھ اوعیہ منی بھی اس میں شریک ہیں اور اسلئے ریاست کے مالک اور رئیس شمار ہوتے ہیں:

باہ کے ضعف کے وجوہات: باہ کے ضعف کے دو وجوہات ہیں۔ ایک جماعی خواہش کی کمزوری۔ دوسرا عضو مخصوص میں ڈھیلاپن۔ ہم ان دونوں کو الگ الگ بیان کرتے ہیں۔

جماعی خواہش کی کمزوری کے سبب باہ کا ضعف

اس کے بہت سے اسباب ہیں۔ اور ہم ہر ایک سبب کو الگ الگ بیان کرتے ہیں:

پہلا سبب بدن کی لاغری اور کمزوری: اگر غذا کی قلت سے بدن دبلا

پتلا اور کمزور ہو۔ اور اس وجہ سے روح، ریح اور خون جو خواہش جماع کا مادہ ہے کم ہو جاوے تو اس کی علامت بدن کا دُبلا پن، چہرہ کی زردی اور بیرونی جسم کی کمزوری اور خون کی کمی ہے۔ انتشار اسی وقت پیدا ہوتا ہے۔ جب روح ریحی اور خون عضو مخصوص میں اگر جمع ہوں جب بدن میں خون کم اور جسم میں ضعف ہو۔ تو یہ مطلب ہرگز حاصل نہیں ہو سکتا۔

علاج: جو غذائیں خون بکثرت پیدا کریں۔ بدن کو طاقت پہنچاویں وہ استعمال کریں۔

غذائی دوا: انڈوں کی زردی کا حلوہ بنا کر کھاویں۔ انڈوں کی زردی گھی میں بھونیں۔ اس میں کھانڈ کا شربت حسب اندازہ ملا کر حلوہ بنائیں۔ اور کھویا و مغزیات ملا کر تیار کریں۔ اگر زعفران پیس کر ملا دیں تو اور مقوی ہو گا۔ گاجروں کا حلوہ، گیہوں کا دلیا بھی نہایت مفید ہے۔ حریرہ بھی بہت طاقت بخشتا ہے اور گوشت کا شوربا اور شلغم بھی مقوی اغذیہ ہیں۔ ان کی ہر ایک تراکیب مشہور ہیں۔ اس لئے لکھنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔

مغزیات کو پانی یا دودھ میں گھوٹ کر دودھ نکالیں۔ اور اس میں نشاستہ ملا کر آگ پر پکا کر فرنی کی طرح گاڑھا کر لیں۔ اور گرم گرم

کھاویں تو دماغ اور بدن کو بہت طاقت آتی ہے۔ اس کا نام حریرہ ہے۔
لبوب کبیر کا استعمال بھی بہت مفید ہے۔

وجہ دوم قلت منی: جب بدن میں مادہ تولید کم ہو جاتا ہے۔ تو خواہش مباشرت پیدا نہیں ہوتی۔ بدن کی تمام طاقت اسی مادہ پر منحصر ہے۔ اس کی کمی سے طبیعت مضمحل اور سست ہو جاتی ہے۔ اسی وجہ سے جماع کے متعلق تاکید ہے کہ اولی تو سال بھر میں ایک دفعہ ورنہ مہینے میں ایک دفعہ اگر اتنا صبر نہ ہو سکے تو پھر ہفتہ میں ایک دفعہ عمل کریں۔ اس سے تجاوز نہ کریں۔ کیونکہ مادہ حیات کا ضائع کرنا اپنی صحت کو بگاڑ لینا ہے۔

جو غذا ہم کھاتے ہیں۔ وہ چار جگہ ہضم ہوتی ہے۔ سب سے پہلا ہضم معدہ میں ہوتا ہے۔ اور سب سے اخیر اعضاء میں۔ پس منی ہضم چہارم کا فضلہ ہے اور یہ خون کا نہایت لطیف جوہر ہے۔ اور اسی سے اصلی اعضاء و ہڈیاں غضروف (نرم ہڈی) پٹھا عضلہ وتر اور رباط شریان، ورید اور غشا بنتے ہیں۔ پس اس کا ضائع کرنا سارے بدن کا نقصان ہے۔ نطفہ کا اصلی خمیر دماغ سے آتا ہے پھر جسم کے تمام اعضاء سے ہو کر اس حصہ میں پہنچتا ہے۔ اور وہ سب خصیوں میں جا کر سفید اور غلیظ انڈہ کی سفیدی کی مانند ہو جاتی ہے۔ اور اوعیہ منی میں جمع رہتی ہے اور یہیں سے جماع

کے وقت کُود کر نکلتی ہے۔ ہر عضو سے منی کا ٹپکنا اس دلیل سے واضح ہے کہ باپ کے جس عضو میں کج یا ضعف ہوتا ہے۔ بیٹے کے اسی عضو میں بھی ہوتا ہے۔ منی کے کم ثبوت یہ ہے کہ انزال کے وقت وہ کم اور دیر سے نکلتی ہے۔ کم ہونیکی وجوہات یہ ہیں (اوّل[1]) آلات منی کی لاغری اور خشکی (دوم[2]) آلات منی کی سردی۔ جس سے منی گاڑھی، بہت تھوڑی، بڑی دیر میں، اور بڑی حرکت کے بعد خارج ہوتی ہے (سوم[3]) حرارت آلات منی جس کی وجہ سے منی یا وجود قلت کے زرد رنگ ہوتی ہے ؂

علاج: بادام اور نارجیل کا حلوا۔ گوشت اور انڈوں کی زردی بھنی ہوئی دُودھ اور گھی خوب کھاویں۔ آلات منی کی سردی دور کرنے کے لئے انڈوں کی زردی بھنی ہوئی میں تھوڑی سی ہینگ ملا کر کھاویں یا انڈوں کی زردی میں شہد ملا کر کھاویں یا چنوں کے آٹے کا حلوہ اور بادام و نارجیل ملا کر کھاویں۔ اگر آلات منی میں حرارت زیادہ ہو تو دودھ چاول یا شکر قند کا حلوا، سنگھاڑے کا حلوا یا اسبغول کا چھلکا دُودھ میں پکا کر کھیر بنا کر کھلاویں یا بکری کے گوشت کا شوربا نکالکر اس میں کدو یا ککڑی یا کھیرا یا پالک کا ساگ پکا کر کھلائیں۔ لبوب کبیر اس بارہ میں بہت مفید ہے۔ ایکتولہ لبوب کبیر بازار سے خرید کر روز صبح کو کھالیا کریں جماع بالکل ترک کر دیں اور بدن کو آرام دیں خصیہ پر روغن بادام اور روغن بنفشہ کی مالش کریں ؂

نسخہ معجون لبوب کہ قلت منی کیلئے نہایت مفید ہے

مغز بادام شیریں۔ مغز چار۔ مغز حب الطم۔ مغز چلغوزہ، چرونجی مغز پستہ مغز فندق۔ مغز نارجیل۔ تخم خشخاش سفید، تودری سُرخ۔ بہمن سفید سونٹھ، دار فلفل۔ کباب چینی۔ دارچینی۔ شقاقل خولنجاں۔ سب برابر کوٹ کر سہ چند شہد میں ملاویں۔ خوراک چھ ماشہ سے ایک تولہ تک۔

معجون گرم جو قلت منی مرد کے لئے مفید ہے۔

سونٹھ، شقاقل خولنجاں۔ تخم انجرہ۔ تخم گاجر۔ تخم ہالیوں ہر ایک برابر وزن لیکر کوٹ لیں اور شہد اور پیاز سفید کا پانی ملاکر پکاویں تاکہ معجون تیار ہو۔

خوراک: چھ ماشہ سے ایک تولہ تک۔

پانچ انڈوں کی زردی نیم برشت کرکے اسمیں نیم درم ہینگ ملاکر کھاویں۔

ضعف باہ بوجہ مادہ تولید ساکن ہوجانے کے

جب منی ساکن ہوجاتی ہے۔ اور حرکت نہیں کرتی۔ تو اس سے وہ (دغدغہ چھیڑ چھاڑ) جو مادہ کو حرکت اور جوش دیتا ہے پیدا نہیں ہوتا۔ اسلئے ضعف باہ پیدا ہوجاتا ہے۔ یہ عارضہ ان لوگوں کو ہوتا ہے جو افیون، پوست، بھنگ اور دیگر مخدرات ونشہ آور اشیا کھانے

کے عادی ہوں۔ انہیں مدتوں جماع کی خواہش نہیں ہوتی۔ اگر زبردستی خواہش مباشرت کریں بھی تو پورا انتشار نہیں ہوتا۔ اور بہت دیر بعد فارغ ہوتے ہیں۔ اور گو وہ منویہ بہت خارج ہوتا ہے۔ لیکن افسردہ اور ساکن ہوتا ہے۔

علاج: جو شئے منی کو گرم کرے اور جوش دینے والی ہوں استعمال کریں مثلاً زرعونی یا معجون بزور۔ چنانچہ انکے نسخے درج ذیل ہیں۔

زرعونی۔ فلفل دراز۔ فلفل سونٹھ، تج، دار چینی۔ خولنجاں ہر ایک ایک حصہ۔ تودری سرخ۔ تودری سفید۔ چرونجی۔ اندر جو، شقاقل۔ بہمن بوزیدان۔ اندر جو سعد۔ سنبل ہر ایک تین جز۔ سب کو کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر معجون بنا لیں۔ خوراک چھ ماشہ دودھ کیساتھ:

معجون بزور۔ تخم گاجر۔ تخم شلغم، تخم پیاز۔ تخم مولی۔ تخم ہالیوں۔ لٹ جیرا چلغوزہ۔ تودری سرخ وسفید۔ چرونجی۔ اندر جو۔ شقاقل۔ بہمن بوزیدان۔ کٹھ۔ سونٹھ۔ دار فلفل۔ ہینگ۔ سب برابر ملا کر کوٹ لیں اور سہ چند شہد ملا کر معجون بنا ویں:

خوراک: ۳ درم پاؤ بھر دودھ کے ساتھ:

کشتہ شنگرف جو اس بارہ میں بینظیر ہے: گیدڑ تمباکو دس تولہ گھوٹ کر نگدہ کریں۔ اور اس میں ایک تولہ شنگرف کی ایک ڈلی

رکھ کر اوپر سنپٹ کر کے ۳-۴ سیر اوپلوں کی آگ دیں نہایت عمدہ کشتہ ہوگا۔

خوراک: ایک رتی تھوڑی سی بالائی میں لپیٹ کر کھاویں۔ اور اوپر سے دودھ ڈیڑھ پاؤ پیئیں۔ ایک ہفتہ تک اسقدر جوش پیدا ہوگا کہ سنبھالنا مشکل ہو جائیگا۔

دیگر: مشک نافہ ۳ ماشہ۔ عنبر ۱ ماشہ۔ شنگرف ۶ ماشہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ سب کو ملا کر مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنالیں اور ہر روز ایک گولی دودھ سے کھاویں۔ مادہ تولید میں ہیجان اور جوش پیدا ہو جاویگا۔

ایک مدت تک جماع ترک کرنیسے ضعف باہ

اگر ایک مدت تک جماع ترک کر دیا جائے۔ تو طبیعت منی پیدا کرنا گھٹا دیتی ہے جسطرح عورت بچہ کو جب دودھ دینا بند کر دیتی ہے۔ تو دودھ پیدا ہونا اور پستان مادر میں آنا موقوف ہو جاتا ہے۔

علاج: خوش گلو عورتوں سے عشقیہ غزلیں سننا، راگ رنگ دیکھنا جن کتب میں عشقیہ ناول ہوں وہ پڑھنا خوب صورت معشوقوں کی تصاویر دیکھنا حیوانات کو مباشرت کرتا دیکھنا کوک شاستر کی تصاویر دیکھنا ناز و ادا نخرے کرنیوالی عورتوں سے خلوت کریں۔ اور باہ اکسانے والی ادویہ جنکا ذکر اوپر درج ہے کھاویں جن غذاؤں میں باہ بھڑکانے کا مادہ ہے وہ استعمال کریں۔ مثلاً انڈوں کی زردی بھنی ہوئی۔ تیتر اور

بٹیر کا گوشت، مُرغ کے کباب۔ نیز سوسن کا تیل خصیوں پر ملیں۔ نیز عقر قرحا اور زیتون کا تیل ملا کر ملیں۔

وہمیہ خیالات سے ضعف باہ: اگر کوئی عورت بڑی لمبی چوڑی مضبوط اور سنڈ منڈ ہو یا بڑی چالاک اور زبان زور ہو۔ اور مرد کو یہ گمان ہو جاوے کہ میں کمزور ہوں۔ اس پہ قابو نہیں پا سکونگا یا مجھ سے اس عورت کو خوش نہیں کیا جا سکیگا تو ایسے خیالات سے آدمی کی قوت باہ کمزور ہو جاتی ہے اور وہ مباشرت کے قابل نہیں رہتا۔ ایک وہمی صورت اور بھی ہے۔ کہ عورت اگر بدصورت سیاہ فام اور بداخلاق ہو تو مرد کو اس سے قدرتی نفرت پیدا ہو جاتی ہے۔ اور اس نفرت کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اس کی رغبت اس عورت کی طرف نہیں رہتی۔ اور خواہش جماع پیدا نہیں ہوتی بعض وہمی طبیعت آدمیوں کو یہ وہم دوڑ جاتا ہے۔ کہ فلاں عورت نے جادو یا ٹونہ کر دیا ہے اسلئے میں اس عورت پر قادر ہو ہی نہیں سکتا اس وہم سے بھی وہ عاجز ہو جاتا ہے۔ کیونکہ وہم کا طبیعت پر بڑا اثر ہے۔ بعض ایسے بھی لوگ ہیں کہ وہ اپنی بیوی سے تو فعل کر سکتے ہیں لیکن جب کسی نئے مفعول سے سابقہ پڑتا ہے۔ تو شرمندہ سے ہو کر رہ جاتے ہیں۔ کیونکہ یہ وہم ہوتا ہے کہ میں اس پہ قادر نہیں ہو سکتا۔

علاج: دل اور دماغ کے ضعف سے ایسے وہم روز بند لاتے خیالات

ہوا کرتے ہیں۔ اسلیئے ان کو ایسی ادویہ استعمال کرنی چاہئیں جو دل اور دماغ کو طاقت بخشیں بمثلاً کشتہ شاخ مرجان، کشتہ سنگ یشب، خمیرہ گاؤ زبان، خمیرہ ابریشم، دواء المسک ہر روز نہار منہ کھاویں اور وہم خیال دل سے دُور کریں اور دل کو قوی بناویں۔ مضبوط اور شیر دل لوگوں کے پاس بیٹھیں۔ اور عیار لوگوں کے کارنامے سنیں کہ کس طرح وہ چالاک عورتوں کو قابو میں لاتے ہیں؛

ضعف دل کے سبب ضعف باہ: اگر دل کمزور ہو جائے تو بھی باہ کمزور ہو جاتی ہے۔ کیونکہ روح شہوانی اور ریح ناشرہ پیدا نہیں ہوتیں اور بغیر انکے باہ پیدا نہیں ہو سکتی۔ ایسا شخص جماع سے کیا لذت پائیگا۔ کیونکہ فراغت کے بعد اسکو غشی ہو جاویگی۔ ایسے شخص کو پیاس بہت لگتی ہے اور اکثر خفقان ہو جاتا ہے۔

علاج: مختلف طریق سے دل کو طاقت دیں۔ شربت صندل، شربت سنگترہ سیب، گاجر، آملہ کا مربہ اور ورق نقرہ مفرح اور مقوی دل ادویہ ہیں خوشبو سونگھنا، باجہ اور گانا سننا خوش گلو اور خوبصورت عورت کی صحبت، دریا کا کنارہ، سبزہ زار، سیر چمن، بگھی کی سواری یہ سب باتیں دل کو فرحت اور طاقت بخشنے والی اشیاء ہیں کھیر کھانا۔ دودھ پینا۔ چاندی کا کشتہ، سونے کا کشتہ، صدف، مروارید

کا کشتہ، سونے چاندی کے ورق، سب اشیاء مقوی دل ہیں، لبوب کبیر ÷

چاندی کا کشتہ جو اس امر میں نہایت مفید ہے

چاندی کا باریک برادہ ۴، ۵ روز تک عرق گلاب دو آتشہ میں کھرل کریں۔ پھر ٹکیہ بنا کر گلاب کے پھولونکے نگدہ میں جسکا وزن آدھ پاؤ ہو رکھ کر پانچ سیر آگ دیں۔ ۲ یا ۳ عمل میں کشتہ ہو جاویگا۔ صبح کو ایک رتی تھوڑے سے مکھن یا ملائی میں لپیٹ کر کھاویں اور اوپر سے تازہ دودھ پیئیں۔ دل کو کمال درجہ طاقت پہنچے گی ÷

کشتہ عقیق؛ عقیق کو آگ میں گرم کر کے عرق گلاب یا عرق گاؤزبان میں بجھاتے جاویں۔ اور یہ عمل یہانتک کریں کہ وہ ریزہ ریزہ ہو کر ریت کی مانند ہو جاوے۔ تب اسے عرق گلاب یا عرق گاؤزبان میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر کنول ڈوڈا یا گلقند یا پستہ کے ۵ تولہ نگدہ میں رکھ کر ۱ سیر آگ دیں۔ اگر ایک دفعہ میں کشتہ نہ ہو تو دوبارہ کنول ڈوڈوں وغیرہ کے نگدہ میں رکھ کر اسی طرح آگ دیں۔ پس ۲ یا ۳ بار کے عمل سے عمدہ کشتہ ہو جاتا ہے ÷

مقویات قلب:۔ شربت صندل ۲ تولہ، شربت گڑھل ۲ تولہ ملا کر عرق گاؤزبان ۱ تولہ ملا کر پیا کریں یا طباشیر ۱ تولہ۔ دانہ الائچی سفید ۱½ تولہ۔ مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ۔ کوزہ مصری ۵ تولہ۔ ورق نقرہ

۲۵عدد سب کو پیسکر سفوف کرلو ہر روز ۳ ماشہ کھا کر اوپر سے شربت صندل پیا کریں ۔

ضعف معدہ اور ضعف جگر کی وجہ سے ضعف باہ

جب معدہ اور جگر کمزور ہو جاتے ہیں ۔ تو خون صالح پیدا نہیں ہوتا اور جب خون صالح خاطر خواہ پیدا نہیں ہوتا ۔ تو لید منی بھی کم ہو جاتی ہے جسکا نتیجہ ضعف باہ ہوا کرتا ہے ۔ اس سبب کی پہچان یہ ہے کہ بھوک کم ہو جاتی ہے ۔ کھایا پیا اچھی طرح ہضم نہیں ہوتا ۔ اور مباشرت کی خواہش اس قدر گھٹ جاتی ہے کہ نہ ہونیکے برابر ہوتی ہے ۔ اور ضعف شدہ اعضاً کے سوا مزاج کی دوسری علامتیں بھی ظاہر ہوتی ہیں ۔ مثلاً بدہضمی ۔ اسہال، نفخ، بدن کی لاغری، چہرہ کی زردی وغیرہ وغیرہ ۔

علاج: معدہ اور جگر کی مزاج کی اصلاح کریں ۔ اور انہیں تقویت پہنچا دیں ۔ ضعف معدہ دور کرنے کیلئے انوش دارو سادہ ۔ جوارش عود حب بجلونہ اور حب حلیت اور نمک سلیمانی دیں ۔ اور ضعف جگر کے لئے گلقند اور مصطگی کھلا دیں ۔ کشتہ فولاد یا کشتہ منور دودھ یا میٹھے کے ساتھ دیں ۔

نسخہ انوش دارو سادہ: گل سرخ ۲ تولہ ، سعد کوفی ۲ تولہ ۔ لونگ نگر ۔ زعفران ہر ایک ایک تولہ اور سفید دانہ الائچی کلاں ہر ایک اڑھائی ماشہ

جائفل ۲½ ماشہ، مصطگی رومی ایک تولہ جلوتری، دارچینی، بالچھڑ ہر ایک لو ماشہ، آملہ کا شیرہ آدھ سیر۔ بنانیکی ترکیب: آدھ سیر اور ایک چھٹانک آملوں کو گائے کے آدھ سیر دودھ میں ۲۴ گھنٹہ تر رکھیں۔ پھر گٹھلیاں دور کر کے دودھ میں پکاویں۔ جب گل جاویں تب مل کر چھان لیں اور لٹکا دیں۔ دودھ کا چکتہ بن جاوے گا۔ اس کو باریک کپڑے میں باندھ کر لٹکا دیں۔ پانی ٹپک جاویگا۔ اور چکتہ سخت ہو کر کپڑے کے اندر رہ جائیگا پس دو سیر مصری ڈالکر آگ پر قوام کریں۔ ایک تولہ کا چکتہ اس میں ملا کر کفچہ سے خوب ہلا دیں کہ دونوں ایک جان ہو جاویں۔ پھر باقی ادویہ کوٹ چھان کر ملا کر النوش دارو بنالیں۔ اور ہر روز چھ ماشہ سے ایک تولہ تک کھاویں۔ اگر قبض زیادہ نہ کرنی ہو تو بجائے آملوں کے شیرہ کے آملوں کا مربہ ملا کر بناویں ؂

پچلونہ ہاضم خوش ذائقہ

زرشک، سماق، انار دانہ، طباشیر، چوکیکا، تخم ضماض ہر ایک ۶ ماشہ گلاب کا زیرہ ۴ ماشہ، گل سرخ ۹ ماشہ، زیرہ سیاہ ۵ تولہ، زیرہ سفید ۴ ماشہ سونف ۶ ماشہ، سنگترہ کا چھلکا ۴ ماشہ۔ الائچی خورد، الائچی کلاں ہر ایک ۶ ماشہ، مصطگی ۹ ماشہ۔ افتیمون، دارفلفل، پودینہ خشک، مرچ سیاہ ہر ایک ۴ ماشہ، پوست ہلیلہ کابلی، پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ سیاہ۔ پوست بلیلہ

ہر یک ۶ ماشہ۔ چترا ۴ ماشہ، نمک لاہوری ایکتولہ۔ نمک شیشہ، نمک سیاہ، کچلون ہر ایک ایکتولہ۔ سہاگہ، شورہ قلمی ہر ایک ۳ ماشہ، نوشادر ۲ ماشہ، چوک ترشی ایکتولہ۔ سب کو کوٹ کر سفوف کر لیں اور غذا کے بعد کھاویں۔

جوارش عودوہ: عود ہندی، دار چینی، جائفل، تج، چھوٹی الائچی، لونگ قولنجاں، دار فلفل ہر ایک ۵ درہم۔ تگر، زعفران ہر ایک دو درم۔ مصری آدھ سیر، مشک تبت آدھ مثقال۔ شہد مصفی کل دواؤں کا تگنا۔ مصری کا قوام کریں۔ اور کل ادویہ کوٹ چھان کر ملاویں۔ پھر آگ سے اتار کر شہد ملاویں۔ خوراک: ۹ ماشہ سے ایک تولہ تک۔

حب ترش ہاضم خوش ذائقہ: میدہ۔ سونٹھ سفید ایک سیر کوٹ کر باریک کریں۔ اور رات بھر پانی میں تر رکھیں۔ صبح پانی گرا دیں اسی طرح ۷ یا ۸ مرتبہ کریں: تاکہ خوب سفید ہو۔ پھر لاہوری نمک باریک پسا ہوا پاؤ بھر ڈالیں۔ اوپر لیموں کا پانی اسقدر ڈالیں کہ دو انگل اوپر رہے جب عرق لیموں سوکھ جاوے تب دیکھیں اگر نمک کم ہو گیا ہو تو تھوڑا نمک اور ملا دیں۔ اور عرق لیموں بطریق اول ملا کر رکھیں الغرض ۴، ۵ مرتبہ لیموں کا عرق ڈال ڈالکر دھوپ میں سکھالیں اور جب تک نمک کا ذائقہ کم ہونا جاوے تو بقدر ذائقہ اور ڈالدیا کریں۔ اسکے استعمال سے بھوک خوب بڑھتی ہے۔ معدہ کو طاقت آتی ہے اور بدن میں خون بکثرت پیدا ہوتا ہے۔

سفوف نمک مقوی معدہ ہاضم دافع ریاح

نمک لاہوری، نوشادر، مرچ سیاہ ہر ایک ایک تولہ۔ دار فلفل ۶ ماشہ اور نمک سیاہ، سہاگہ بریاں ہر ایک ۴ ماشہ، ہینگ بریاں ۲ ماشہ۔ سب کو کوٹ کر سفوف بنالیں اور ایک یا دو ماشہ کھایا کریں۔

علاج ضعف جگر: ضعف جگر گرمی، سردی، خشکی چاروں طرح سے ہوجایا کرتا ہے۔ لیکن ضعف جگر جو زیادہ تر ہوا کرتا ہے اسی کا علاج درج کیا جاتا ہے۔ کشتہ فولاد اس بارہ میں سب سے زیادہ مفید اور قوی ہے۔

ترکیب کشتہ فولاد: برادہ فولاد گھیکوار کے پتے میں بھر کر دھوپ میں رکھدیں۔ جب خشک ہو جاوے۔ تب پتے جھاڑ کر فولاد نکال کر دوسرے پتے میں بھر کر پھر رکھدیں۔ اسی طرح ۸/۹ بار کریں اور ہر دفعہ فولاد رگڑ لیا کریں۔ وہ بالکل میدہ کی طرح باریک اور پشاوری نسوار کی طرح رنگدار ہوجاویگا۔ خوراک ایک رتی بالائی میں لپیٹ کر اوپر سے دودھ پیا کریں۔ کھٹائی اور تیل سے پرہیز کریں۔ دنوں میں خون بکثرت پیدا ہو کر چہرہ سرخ اور بدن فربہ ہوجاویگا۔ اور باہ بکثرت پیدا ہوگی۔

عرق ساذج مقوی معدہ: ساذج ہندی ایک سیر دو سیر پانی میں ۳ روز بھگو چھوڑیں۔ چوتھے روز پاؤ بھر مصری ملا کر عرق کشید کریں اور ہر روز تولہ بھر پیا کریں۔ یہ ضعف جگر بارد

کیلئے بہت ہی مفید ہے۔ چند دنوں میں ضعف دور کر دیتا ہے ؛

قرص مقوی جگر : معدہ اور جگر دونوں کو مفید ہے انکے رطوبات کو پاک کرتی ہے۔ جگر اور تلی کا معدہ کھولتی ہے اور بلغمی بخارونکو مفید ہے۔

نسخہ : مصطگی، طباشیر ہر ایک ایک درم ، سنبل الطیب ۳ درم ۔ بلیلہ ۶ درم ۔ گل سرخ ۱۰ درم ۔ سب کو کوٹ کر عرق گلاب سے کھرل کر کے قرص بنالیں اور ایک قرص صبح ایک شام کھایا کریں ۔

دیگر : انار دانہ ، مغز بادام مقشر ہر دو ہموزن ، دارچینی ایک چیز کی چوتھائی سب اجزا الگ الگ کوٹ کر ملالیں اور تھوڑا تھوڑا کھایا کریں ۔

دیگر مقوی جگر گرم ادویہ ۔ جائفل ۔ کچور ۔ سعد ، درونج ، دارچینی ۔ تخم کشوث ۔ مغز پستہ ۔ مصطگی ۔ الائچی ۔ گل سرخ ۔ عود ۔ بادرنجبویہ ۔ غافث ادرک منقے ۔ زراوند ۔ حب بلسان ۔

مقوی جگر سرد ادویہ ۔ کاسنی ، انار ، املتاس ۔ سبز تنگ ۔ جو کا ساگ

ضعف باہ بسبب ضعف دماغ : دماغ کے ضعف سے خواہش نفسانی کم پیدا ہوتی ہے اسلئے خواہش جماع پیدا نہیں ہوتی ۔ اسکی بڑی علامت یہ ہے ۔ کہ مباشرت سے لذت نہیں آتی اور جماع کے بعد درد سر پیدا ہو جاتا ہے اور اسقدر ضعف ہوتا ہے کہ کئی کئی دن تک نظر دھندلی رہتی ہے اور سر اوپر نہیں اُٹھ سکتا ؛

علاج: مقوی دماغ دوائیں اور غذائیں کھائیں اور مقوی دماغ تیل سر پر ملیں۔ غذاؤں میں حریرہ بادام و چہار مغز یعنی مغز تخم خیارین، مغز خربوزہ، مغز تخم کدو و مغز تخم تربوز ہر ایک ۶ ماشہ مغز بادام مقشر ۷ عدد۔ سب کو گھوٹ کر شیرہ بناویں اور دودھ و میٹھا ڈالکر آگ پر پکاویں کہ ربڑی کی مانند ہو جاوے۔ تب سرد کرکے کھاویں اسی طرح بھیڑ کا مغز پکا کر ہر روز ۷ دن تک برابر کھانا مقوی دماغ ہے۔ مرغیوں کے گوشت کا شوربا نیم گرم پئیں چنوں کی دال گھی میں بھون کر اور گھی سے تر بتر کرکے کھاویں۔ رات کو سوتے وقت گرم دودھ میں روغن بادام یا گھی ڈالکر پئیں۔ سونف مقشر کھانڈ ملا کر رات کو سوتے وقت کف دست کھالیا کریں۔ خشخاش گھوٹ کر گھی سے بھون کر مصری ملا کر کھاویں۔ خمیرہ گاؤزبان سادہ یا عنبری کھایا کریں روغن بادام یا روغن آملہ سر پر ملا کریں:

ضعف دماغ کا آسان نسخہ: اسبغول کی بھسی ایک تولہ، مصری دو تولہ بکری کے دودھ پاؤ بھر میں فرنی بنا کر کھایا کریں۔ ایک ہفتہ کے استعمال سے آرام ہوگا۔

دیگر: معجون فلاسفہ ۶ ماشہ کھا کر اوپر سے دودھ تازہ پی لیا کریں۔ ہفتہ عشرہ میں ضعف دور ہو کر باہ پیدا ہو جاوے گی۔

دیگر: مغز بادام مقشر ۷ عدد۔ فلفل سیاہ ۲ عدد۔ مکھن ۲۱ گنا مصری بقدر ذائقہ گریاں اور مرچ گھوٹ کر ربڑی سی بنا لو اور مکھن ملا کر مصری سے میٹھا کرکے کھاؤ۔

ضعف جسمانی و دماغ کیلئے بینظیر نسخہ: بھنبیری گوند ۴ تولہ، مغز بادام ۴ تولہ، مغز تخم کدو، تربوز و پیٹھہ، مغز ککڑی کاہو، مغز تخم خربوزہ ہر ایک ۱۰ تولہ، پھول مکھانہ ۲۰ تولہ۔ گوند کیکر ۴ تولہ، گھی ۳ سیر، مصری ایک سیر کھویا ۴ تولہ۔ ورق نقرہ ۴۰ عدد۔ الائچی دانہ پسا ہوا ۵ تولہ طباشیر ۱۰ تولہ۔

ترکیب:۔ سب سے اول بھنبری گوند کو گھی میں تلیں جب وہ خستہ ہو جائے تب اسے باریک کر لیں۔ پھر کل مغزیات کو گھی میں تل کر سرخ کریں اور باریک کوٹ لیں۔ پھر کیکر کی گوند تل کر باریک کریں۔ اور سب سے اخیر پھول مکھانہ بھی گھی میں تل کر باریک کریں۔ پھر مصری کی چاشنی بنا کر مغز بادام باریک پسا ہوا اس میں ملاویں۔ پھر باقی اشیاء اس میں ملاویں۔ اور طباشیر، الائچی دانہ، کھویا سب کے بعد ملا کر سب کو ایک جان کریں۔ جب سب مل جاویں۔ تب ایک بڑے تھال کو گھی سے چپڑ کر اس میں جما دیں۔ اور اوپر ورق نقرہ لگاویں۔ پھر اس کی برفیاں کاٹ لیں۔ اور ہر روز صبح شام بقدر ۲ تولہ کھایا کریں۔ یہ نہایت لذیذ۔ بہت مقوی دماغ۔ مغلظ منی اور ممسک باہ ہے ٭

کشتہ شاخ مرجان: جو مقوی دماغ ہے۔ بالائی شیر پاؤ بھر شاخ مرجان ۲ تولہ۔ بالائی میں شاخ دے کر کسی کوزہ گلی میں بند کر کے ۱۰ سیر آگ دیں۔ اگر سفید ہو جاویں تو فبہا۔ ورنہ دوبارہ اسی طرح عمل کریں۔ خوراک آدھ رتی۔ قدرے مکھن یا بالائی میں ملا کر کھاویں اور اوپر سے پاؤ بھر دودھ پئیں۔ اسی طرح ہفتہ عشرہ کریں

روغن نافع ضعف دماغ: روغن بادام، روغن مغز تخم کدو، روغن خشخاش، روغن کاہو، روغن آملہ، روغن حنا۔ سب ہموزن ملاکر ایک کرلیں اور سر پر لگایا کریں۔

دیگر: کدو کو کش کر کے کپڑے میں ڈالکر نچوڑلیں۔ کہ اس کا پانی قریباً آدھ سیر نکل آوے۔ اس میں ۵ تولہ پوست آملہ اور ایک تولہ برگ حنا بھگو دیں اور دو روز کے بعد جب وہ گل جاویں۔ تب ہلکا جوش دے کر پانی مقطر کر لیں۔ پھر اس پانی میں سرسوں کا تیل خالص پاؤ بھر ملا کر متعدد آگ پر اس قدر پکائیں کہ پانی سڑ جاوے اور صرف تیل رہ جاوے۔ تب اسے اتار کر کسی خوشبو سے خوشبو دار کرلیں۔ دماغ کے لئے عمدہ خوشبو دار عطر حنا ہے۔ تب کوئی سا رنگ دے کر اسے رنگین کرلیں۔ عمدہ رنگ ایسے تیلوں کیلئے سبز رنگ ہوا کرتا ہے۔ اس تیل کو سر پر ملا کریں ؁

گردہ کی خرابی یا ضعف سے باہ کی کمزوری: جب گردہ کمزور ہو جاتا ہے یا کوئی اور خرابی اس میں آجاتی ہے تو شہوت طبعی میں نقصان پیدا ہوتا ہے اور اس سبب سے باہ کمزور ہو جاتی ہے۔

اسباب ضعف گردہ: گردہ کے ضعف کے بہت اسباب ہیں۔ حرارت گردہ بر وقت گردہ کی نالیوں کا اخراج اور گردوں کے گوشت کا مست ہونا۔

علاج: حرارت گردہ کیلئے لعاب اسبغول و بہدانہ و ریشہ خطمی، شیرہ ۔۔اش و زرشک و شربت انار و شربت نیلوفر، شربت خشخاش و شربت

زرشک پلاویں۔ شیرہ تخم خرفہ، طباشیر کے قرص کے ساتھ کھلاویں یا شیرہ تخم کاہو شربت صندل ملا کر دیں۔ کھیرہ اور ککڑی کے مغزوں کو چند بار سرکہ سے پرورده کر کے کھانا گردہ کی حرارت کے رفع کرنے میں نہایت مفید ہے ؛

غذائیں: پالک کا شوربہ یا پالک کا بھنا ہوا ساگ بہت مفید ہے۔

ضعف گردہ از سردی: بہت سرد پانی پینے یا گردہ کو سردی لگنے سے جب ضعف ہو جاتا ہے تو آدمی بوڑھوں کی طرح خمیدہ ہو کر چلتا ہے۔

علاج: معجون فلاسفہ، معجون کونی، معجون اندرجو کھلاویں کہ گردہ گرم ہو کر اپنا فعل ٹھیک کرے۔ اور باہ میں جوش پیدا ہو۔ مغز پستہ، مغز بادام مغز نارجیل، تل دھوئے ہوئے شکر ملا کر کھاویں۔ سب اشیاء ہموزن ملاویں اور ۶ ماشہ کھاویں۔ لیکن زیادہ گرمی کبھی نہ پہنچاویں کہ گردہ کو نقصان پہنچے۔ سرد اور کھٹی اشیاء سے پرہیز۔ اور اگر قارورہ میں بلغم کے آثار نمودار ہوں۔ تو پہلے بلغم کا تنقیہ کریں کہ وہ خارج ہو جائے پھر باقی علاج کریں اور گردہ کے مقام پر روغن کڑ یا روغن کٹھ یا روغن بادام کی مالش کریں۔

ضعف گردہ بوجہ فراخی مجاری گردہ: گردہ کی نالیوں کے سوراخ جب چوڑے ہو جاتے ہیں۔ تب بھی گردہ کمزور ہوتا ہے اور اس ضعف سے ضعف باہ ہو جاتا ہے لہذا مجاری کو تنگ کرنے کیلئے قابض ادویہ استعمال کریں ؛

علاج: فلونیائی رومی اور فلونیائی فارسی شیر شربت سے کھانا کمال فائدہ کرتا ہے۔ غذا دودھ چاول اسری پائے یا گردہ کی چربی نہایت مفید ہے ؛

نسخہ سپاری پاک نہایت مفید: اسکے استعمال سے مردوں کے گردوں کو طاقت پہنچتی ہے۔ مجاری گردہ تنگ ہو کر اپنی اصلی حالت پر آ جاتے ہیں۔ اور عورت کے بہت سے امراض مثل سیلان الرحم کو مفید ہے۔ اندام نہانی کی فراخی کو تنگ کرتی ہے۔ استقاط کو روکتی ہے۔ بانجھ پن دور کرتی ہے چہرہ کو بارونق کرتی ہے اور مردوں کے جریان کو دور کرتی ہے۔

نسخہ: کافور خالص نیم درم۔ تج، پترج، ناگ کیسر، موتھ، دار فلفل۔ تج خراسانی، الائچی خورد ہر ایک ایک درم۔ تالیس پتر، جاوتری، طباشیر، صندل سفید، مرچ سیاہ، مغز تخم کنارہ ہر ایک ڈیڑھ درم۔ مغز تخم نیلوفر، لونگ دھنیا، پپلامول ہر ایک ۳ درم۔ سنگھاڑا، ستاور ہر ایک ۶ درم۔ کھیلا۔ تخم گھر تلی ہر ایک ۷ درم۔ مغز چرونجی یا مغز بادام ۱۴ درم۔ مغز پستہ ۱۲ درم۔ مویز منقے ۱۲ درم۔ دکھنی سپاری ایک سیر۔ کوٹنے والی اشیاء کوٹ چھان کر الگ رکھیں۔ مویز منقے اسل پر رگڑ کر نگدی بنالیں۔ سپاریاں باریک کوٹ کر ۵ سیر دودھ بھینس یا گائے کا دودھ ساڑھے تین سیر ملا کر آگ پر پکاویں۔ جب شربت کی طرح گاڑھا ہو جائے تب تمام ادویہ سپاریوں کو پاؤ بھر گھی میں بھون کر اس قوام میں ملاویں اور سرد کر کے شہد آدھ

سیر ملاویں۔ اور کسی چکنے برتن میں رکھیں۔ اور ہر روز اڑھائی ذرم کھاکر اوپر سے دودھ یا بکرے کے گوشت کا شوربا بقدر حاجت پی لیں اور غذا مقوی مگر زود ہضم کھاویں۔ مثلاً ساگو دانہ۔ سوجی کی کھیر۔ گوشت کی یخنی ؛

ریاح کی قلت سے باہ کا نقصان ؛ جب تک ریاح کافی پیدا نہیں ہوتی تب تک انتشار اور نغوظ پیدا نہیں ہوتا۔ ریاح کے کم پیدا ہونیکی علامت یہ ہے۔ کہ کسی عضو میں کوئی خرابی نہ ہو۔ منی بھی کافی اور گاڑھی ہو مگر پھر بھی خواہش جماع پیدا نہ ہو۔ لیکن بھوک کے وقت سخت حرکت کرنے اور گرم دواؤں کے کھانیسے خواہش پیدا ہو جاوے۔ چونکہ ریاح حرارت سے پیدا ہوتی ہے اس کی حرارت پیدا کرنیوالی ادویہ استعمال کرنی چاہیئے ؛

علاج ؛ جو اشیاء ریاح پیدا کرنیوالی ہیں۔ انہیں استعمال کریں۔ مثلاً چنا لوبیا، چاول، پیاز، گاجر، انگور، پستہ، انجیر، دودھ بکری، مرغابی اور کبوتر کا گوشت۔ لیکن جو شے زیادہ گرم ہو وہ ہرگز نہ کھائیں۔ کہ نقصان ہوگا۔ عنبر کو عاقر اللحم کے ساتھ کھانا باہ پیدا کرنے میں کمال ہے لوبان نیم گرم نیم برشت انڈہ کے ساتھ کھانا اس بارہ میں کمال مجرب ہے۔ اگر لونگ نیم گرم دودھ سے کھاویں تو مفید ہے۔ اور اگر سرس کے بیج پانی میں بھگو دیں اور چھیل کر سکھا کر سفوف کریں اور کھانڈ ملا کر ہر روز صبح کو چھ ماشہ کھلاویں اور چند روز اسی طرح کریں۔ تو نہایت ہیج باہ ہے ؛

دیگر سہل اور مجرب: چنوں کو رات بھر دودھ میں بھگو چھوڑیں۔ صبح چھیل کر تولہ یا ڈیڑھ تولہ کھالیں۔ اور جو دودھ باقی بچا ہؤا ہو۔ اس میں میٹھا ملا کر اوپر سے پی لیں ۔

قسم دوم کہ ضعف باہ بوجہ استرخائی قضیب ہو

عضو مخصوص کے رگ و پٹھے جب ڈھیلے ہو جاتے ہیں تو اسے استرخائی قضیب کہتے ہیں۔ یہ بھی کسی وجہ سے ہؤا کرتا ہے۔ چنانچہ ہر ایک کا ذکر علیحدہ علیحدہ کیا جاتا ہے۔

نوع اول:۔ بدن کی لاغری اور کمزوری سے عضو مخصوص ڈھیلا اور سست ہو۔

علاج:۔ اس کا علاج تو وہی ہے جو ہم نے سب سے پہلے جسم کی کمزوری کے بارہ میں لکھا ہے۔ یعنی مقوی دوائیں اور غذائیں کھا کر جسم کو مضبوط کریں۔ اور جسم کے رگ و پٹھوں کو طاقتور بنائیں۔

نوع دوم: ایک عرصہ تک جماع نہ کرنے سے عضو کے رگ و پٹھے تعطل ہو جاویں اور سکڑ جاویں یا جلق کرنے سے ہاتھ کی رگڑ سے عضو کا سر خارش دار ہو جاوے۔ اور ہاتھ کے دباؤ سے رگیں رگڑ کھا کر کمزور ہو جاویں یا کثرت جماع سے رگیں ڈھیلی پڑ جاویں۔ اور کمزور ہو جاویں یا اغلام سے جڑ پتلی ہو جاوے اور سر بڑا۔ دُبر کی رگڑ سے حشفہ

خراش دار ہو جاوے۔ کیونکہ مقعد کے عضلات ہلالی یا نیم دائرہ کی شکل کے ہوتے ہیں۔ اور باہر سے کسی شئے کے اندر جانے کو مانع ہوتے ہیں۔ اسلئے دخول کے وقت ضرورت سے زیادہ زور لگانا پڑتا ہے۔ اس زائد زور کی وجہ سے اعصاب رفتہ رفتہ ڈھیلے پڑتے چلے جاتے ہیں! ور مقعد اندر سے بالکل خشک۔ اور پاخانہ کے سے گندہ فضلہ سے پُر ہوتی ہے۔ اس لئے قضیب کا سر اخشکی میں رگڑ کھا کر اور گندہ فضلہ کے انجرات سے متاثر ہو کر خراشدار اور ذکی الحس ہو جاتا ہے۔ ذکاوت کی وجہ سے بار بار انتشار خام ہوتا ہے۔ اور بتدریج سرعت انزال کا عارضہ بڑھتے بڑھتے جریان سرعت اور احتلام کی صورتیں اختیار کر کے مرد کو اندر ہی اندر گھن کی طرح کھوکھلا کر دیتا ہے۔ اسلئے آدمی رفتہ رفتہ نامرد اور مجامعت کی طرف سے بیکار ہو جاتا ہے۔ عضو کی جڑ اسلئے پتلی پڑ جاتی ہے۔ کہ اغلام میں مقعد کے ٹیڑے نما سوراخ کے عضلات کا دباؤ عضو کی جڑ کو سختی سے دباتا ہے۔ جلق میں بھی خشک ہاتھ کا دباؤ پڑ کر یہی نتیجہ پیدا کرتا ہے۔ بعض آدمی حیوانات سے خلاف وضع فطرت فعل کرتے ہیں۔ اور اسے محافظ قوت رجولیت سمجھتے ہیں۔ لیکن انکا یہ خیال بالکل خام ہے۔ وجہ یہ ہے کہ حیوانات کے اندام کی رطوبت کا مزاج انسان کے موافق نہیں اور نہ فطرت نے انہیں انسان کے لئے پیدا کیا ہے۔ اسلئے نہ تو حقیقی حس

قدر پیدا ہوتا ہے اور نہ مباشرت کی غرض یعنی اولاد حاصل ہوتی ہے اسلئے یہ فعل عبث اور محض گناہ بے لذت ٹھہرتا ہے۔ بعض قوانین صحت سے ناواقف لوگ حائضہ سے بے جا مباشرت کر بیٹھتے ہیں۔ جو سراسر مضر ہے۔ کیونکہ گندے خون کے مضر فضلات عضو کے نازک اور ذکی الحس اعصاب کو خراب اور ناکارہ کر دیتے ہیں اور بعض دفعہ ایسا سوزاک ہو جاتا ہے جو برسوں تک پیچھا نہیں چھوڑتا۔ اسلئے ہم اپنے اس کتاب کے ناظرین سے بزور درخواست کرتے ہیں کہ وہ راہ راست پر چلیں اور منشا قدرت کی تابعداری کریں تاکہ کوئی مرض نہ ستاوے اور نہ انہیں تکلیف اٹھانی پڑے اور نہ حکیم کی منت کرنی پڑے۔

علاج: علاج کے متعلق پٹی، طلاء، تکمید اور تیز خوردنی نسخے ہم آگے چل کر لکھیں گے۔

نوع سوم: یہ کہ بدن کے نچلے حصہ میں ریح کم پیدا ہو۔ خواہ سردی بڑھنے اور حرارت بدنی کم ہونیسے خواہ حرارت کی زیادتی کی وجہ سے خواہ نہایت درجہ کی خشکی کی وجہ سے۔ کیونکہ جب تک معتدل حرارت نہ ہو تب تک ریح پیدا نہیں ہوتی۔ اور جب سردی زیادہ ہو جاتی ہے تو انجرے اکھٹے بند ہو جاتے ہیں۔ جب حرارت حد سے زیادہ ہو جاتی ہے تب بھی ریح نہیں اٹھتی۔ کیونکہ وہ رطوبت جو حرارت معتدلہ سے بخارات بن کر

باعث ریح اور نفخ ہوتی ہے۔ وہ حرارت کی زیادتی سے فناہ ہوجاتی ہے۔ اور یبوست کے ہونیسے تو ظاہر ہے۔ کہ ریح پیدا نہیں ہوتی۔ اور جب تک ریح پیدا نہ ہو تب تک عضو مخصوص میں نعوظ اور انتشار پیدا نہیں ہوتا۔ اور اسکی پہچان یہ ہے کہ غذائیں مرطوب ہوں جب وہ کھائی جائیں۔ اور انکے ساتھ گرم اشیا ر شامل ہوں تو باہ اور انتشار پیدا ہوجاتا ہے۔ کیونکہ مرطوب غذائیں حرارت سے ملکر ریح اور نفخ پیدا کرتے ہیں جو انتشار اور نعوظ کا باعث ہے۔

نوع چہارم: یہ کہ اعصاب مسترخی ہوجاویں۔ بوجہ سردیانی میں زیادہ دیر تک کھڑا ہونیکے یا برف پر بیٹھنے سے یا رگوں کے اندر رطوبت زائد پیدا ہوجانیسے۔ کیونکہ جب رطوبت زائد رگوں میں بھر جاتی ہے تو اعصاب مسترخی ہوجاتے ہیں۔ اس حالت کی پہچان یہ ہے۔ کہ رگیں موٹی اور نیلی سی ہوجاتی ہیں ٭

علاج: پٹی لگا کر رگوں کے اندر سے مواد خارج کیا جاتا ہے۔ پھر اس پر طلاء کی مالش کیجاتی ہے۔ تاکہ رگیں سخت اور مضبوط ہوں اور اپنا کام پورا کر سکیں ٭

اب ہم ہر قسم کی ایسی پٹی لکھتے ہیں جو رگوں سے فاسد مواد نکالے۔ عضو کے رگ و پٹھوں کو مضبوط کرے۔ جریان، رقت، سرعت او-

احتلام کو دور کرے۔ دھات کو گاڑھا کرے اور باہ کو طاقت بخشے۔

پٹی دافع مواد فاسدہ: جن رگوں میں پانی بھرا ہوتا ہے وہ موٹی موٹی اور نیلی ہوتی ہیں۔ ان سے جب تک خراب پانی خارج نہ کر دیا جائے۔ ان میں سختی نہیں آتی۔

پٹی کی انگریزی دوا: لٹی ایک عرق ہے زرد رنگ کا۔ جو کھلا رہنے سے اڑ جاتا ہے۔ یہ تیلنی مکھی کا تیزاب ہے اسکا خاصہ یہ ہے کہ پھریری کے ساتھ عضو کے جس حصہ پر لگا دیا جائے وہاں آبلہ اٹھا دیتا ہے۔ اسے بڑی حفاظت سے بذریعہ قینچی کاٹ کر اندر سے پانی نکال دیں۔ اور یہ احتیاط رکھیں کہ پانی کسی جگہ نہ لگنے پائے۔ ورنہ تمام کھال اکھڑ جاویگی۔ آبلہ کاٹتے وقت نیچے روئی رکھیں کہ پانی اس میں جذب ہو جاوے۔ جب آبلہ کٹ کر پانی نکل جاوے۔ تب انڈوں کی زردی کا تیل لگاویں۔ کہ زخم اچھے ہو جاویں یا گائے کے گھی میں پیاز جلا کر نکال دیں اور وہ گھی لگاویں کہ زخم اچھے ہو جاویں۔ زخم اچھے ہونیکے ۴ روز بعد طلاء لگانا شروع کریں۔

انڈونکی زردی کا تیل بنانا: انڈوں کی زردی ایک برتن میں ڈال کر چمچے سے ہلا کر بھونتے جاویں۔ تھوڑے عرصہ میں وہ سیاہی مائل موم کی طرح ہو جاوینگے۔ پھر ربڑ کی طرح ہو جاوینگے۔ اس وقت چمچہ سے دبا کر تیل نکال لیں۔ جو سیاہ

سُرخی مائل نکلیگا۔ اس تیل کے لگانیسے زخم بہت جلد اچھے ہوجاتے ہیں ؛

مواد خارج کرنیوالا پلاسٹر؛ کن تھروس پلاسٹر یہ بھی ایک انگریزی پلاسٹر تیار ہے۔ جو ہر ایک انگریزی دوا فروش سے مل سکتا ہے۔ عضو مخصوص کی بیٹھے کے برابر کپڑے کا ٹکڑا کاٹ کر اوپر یہ پلاسٹر لگاویں اور پھر اسے عضو کی پیٹھ پر لگا کر رات بھر رہنے دیں صبح تک وہاں آبلہ پڑجاویگا۔ پھر اسے حسب دستور سابق کاٹ کر تیل لگا کر زخم کو اچھا کر لیں۔ اور چار روز بعد طلاء استعمال کریں ؛

(طلاء) روغن اکسیر جوا غلام اور جلق والوں کیلئے نہایت مفید ہے

ماروبینگن ایک عدد۔ جو اپنے درخت کے ساتھ پک کر زرد ہو گیا ہو۔ فلفل دراز ۷ عدد۔ خراطین خشک ۷ تولہ۔ لہسن ۲ تولہ۔ روغن کنجد ۴ تولہ فلفل دراز بینگن میں چبھو کر لٹکاویں۔ جب وہ خشک ہوجاوے تو اسے تیل میں پکاویں۔ جب تیل کو دو ایک جوش آجاویں تب اسمیں خراطین ڈالیں۔ جب وہ جل جاویں۔ تب لہسن مقشر ڈالیں۔ پھر آگ سے اتار کر مل کر کے شیشی میں رکھیں اور پندرہ روز تک استعمال کریں۔ انگلی سے عضو کی جڑ پر پتلا سا ملا کریں۔ چند روز میں ہی طاقت آجاویگی ؛

طلا نہائت عمدہ؛ آک کے پتوں کا پانی ایک حصہ۔ روغن پلاس دو حصہ ملا کر آگ پر اس قدر پکاویں کہ پانی سڑ جاوے اور تیل رہ جاوے

اسکی مالش چند روز میں رگوں کو سخت کر دیتی ہے۔

ترکیب: آک کے پتوں کو موٹا موٹا کوٹ کر آگ پر گرم کریں پھر نچوڑ کر پانی نکال لیں۔ روغن پلاس اس طرح بنتا ہے کہ پلاس کے بیج کوزہ میں ڈال کر پتال جنتر کریں۔ تیل نکل آویگا۔ پس عرق ایک پاؤ اور تیل آدھ سیر ملا کر پکالیں۔

دیگر عمدہ: ہینگ خالص اور شہد دونوں ملا کر خوب کھرل کرو اور عضو پر لیپ کر کے اوپر پتہ ارنڈ یا پان یا روغنی کاغذ باندھو اوپر ذرا سا کپڑا لپیٹ کر اوپر کچا سوت لپیٹ دو صبح کھول دو۔ روزانہ رات کو اسی طرح کیا کرو۔ سرد پانی سے بچاؤ۔ چند ہی روز میں اسقدر فائدہ ہوگا کہ بیان نہ ہو سکیگا۔

سر موٹا اور جڑ پتلی کو ہموار کرنا: جلق یا اغلام سے یہ نقص ہو جایا کرتا ہے۔ اسکا عمدہ علاج یہ ہے کہ عقرقرحا باریک کوٹ کر سفوف کرلو۔ یہ سفوف نہایت ہی باریک ہو۔ اسے پیاز کے عرق میں گوندھ کر عضو پر لیپ کرلو۔ اور کپڑا لپیٹ دو۔ عضو کا سر پیٹ کی طرف کر کے لنگوٹ باندھ لو صبح کھول ڈالو اسی طرح گیارہ روز عمل کرو۔ رات کو لیپ کر کے صبح کھول ڈالا کرو۔ آگا پیچھا سب برابر ہو جاویگا خون بھر کر جسم ہموار ہو جاویگا۔

کجی کا عمدہ علاج: پرانی جوتیوں کے تلووں کو تلی کے تیل میں ڈالکر برتن کو ۴۰ روز ڈھیر میں رکھو۔ پھر تیل کو آگ پر پکا کر صاف کرلو۔

اور عضو پر مالش کر کے جس طرف خم ہو۔ اس طرف لکڑی باندھ دو ٭

کشتہ شنگرف مقوی باہ: ابرک سفید پاؤ کو ڈھاب کر لو یعنی رگڑ کر میدہ کی مانند باریک کر لو۔
پھر ایک توا پر نصف ابرک بچھا کر اس پر ایک تولہ شنگرف کی ڈلی رکھ کر باقی کا نصف ابرک اوپر دے کر اور دبا کر اوپر سے مٹی کا پیالہ ڈھک دو۔ نیچے درخت بیری کی لکڑی کی آنچ دو۔ لکڑی دو تین انگل موٹی ہو۔ دو چوبہ آگ ضروری ہے۔ جب ۵ یا ۶ سیر لکڑی جل چکے تب بس کرو جب توا سرد ہو۔ ابرک کے اندر سے شنگرف نکالو جو سفید ہو گی۔

خوراک چار چاول سے ایک رتی تک مکھن یا بالائی میں لپیٹ کر کھاویں۔ اوپر سے دودھ پئیں ٭

ممسک و مقوی باہ: عقرقرحا ۵ تولہ باریک پیس کر سات مرتبہ شیر برگد (لوڑھ) میں تر اور خشک کرو (سایہ میں) پھر برگد کی کونپل اور انار کا غنچہ ہر ایک اڑھائی تولہ ملا کر سب کو شیر برگد سے کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا لیں اور مباشرت سے ایک گھنٹہ پہلے ایک گولی کھا کر اوپر سے دودھ پاؤ بھر پی لیں ٭

مغلظ منی: ستاور اور ثعلب مصری ہر ایک ہموزن ملا کر سفوف کر لیں۔ ہر روز ۶ ماشہ پھانک کر اوپر سے تازہ دودھ پیا کریں۔ اسی طرح ہفتہ

عشرہ کرنے سے آرام ہوگا۔

دیگر: غلہ ماش، غلہ جو، گوکھرو، تخم کونچ، موصلی سفید سب ہموزن لیکر کوٹ کر باریک کریں۔ اور برابر کی مصری ملاکر سفوف تیار کریں اور ہر روز ۴ ماشہ پھانک کر اوپر سے تازہ دودھ پاؤ بھر قدرے میٹھا ملاکر پئیں۔

علاج جریان: ٹنکچر سٹیل ۳۰ بوند۔ ٹنکچر نکس وامیکا ۳۰ بوند۔ لیکوئیڈ ایکسٹرکٹ آف ٹمیانہ ۱½ ڈرام۔ امونیا برومائیڈ ۳۰ گرین۔ ٹنکچر کلمبا ایک ڈرام۔ انفوزن کو اتنا ملایا جاوے کہ سب کا وزن پورا ۱۲ اونس ہوجاوے۔ پس ایک اونس صبح اور ایک اونس شام کو پیا کریں۔ غذا زود ہضم اور مقوی کھاویں اور گیارہ روز تک پئیں۔

برائے جریان وضعف اعصاب (سستا او عمدہ نسخہ)

گندھک آملہ سار ایک تولہ۔ آک کا دودھ پارچہ بیز ایک پاؤ۔ دانہ الائچی خورد ۹ ماشہ تینوں اجزا کو لیکر لوہے کے کھرل میں لوہے کے دستہ سے کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ ہر روز رات کو ایک گولی بھینس کے دودھ سے کھالیا کریں۔ کل اعصاب کو طاقت بخشے۔ بھوک لگے اور کسی دوا کی ضرورت نہ ہو۔

مجلوقوں کیلئے کھانیکی نہایت مقوی او مفید دوا

ایک تولہ برگ گاؤ زبان کو ۵ تولہ پانی میں رات کو بھگو کر صبح مل کر اسکا

لعاب حاصل کریں۔ اور ایک رتی یا دو رتی کشتہ شنگرف سفید کھاکر اوپر سے یہ لعاب میٹھا ملا کر پی لیں ؛

طلاء مجلوق کیلئے نہایت مفید اور مقوی

اعصاب کو سخت کرنے۔ قضیب کے ہر نقص کو رفع کرے۔ قوت باہ اور امساک کیلئے نہایت مفید ہے۔

نسخہ:۔ رسکپور ۳ ماشہ، سفید گھونگچی کی دال ۶ ماشہ۔ افیون خالص ۶ ماشہ۔ مال کنگنی مقشر ایکتولہ۔ تخم دھتورہ ایکتولہ۔ سینگ ایکتولہ۔ بیج کنیر سفید ایکتولہ۔ سب کو جدا جدا نرم کوٹ کر ایک رات دن تلوں کے تیل میں تر رکھیں پھر کھرل کر کے موٹے موٹے غلولہ بنا کر آتشی شیشی میں تیل کھینچیں۔ اور حسب طریق لگا دیں ؛

دوا ضعف باہ: دو تولے چنے لیکر رات کو آدھ پاؤ پانی میں رکھیں۔ صبح کے وقت چنوں کو چھیل کر ہاضمہ کی قوت برداشت کے مطابق کھائیں اور پانی میں شہد ملا کر پئیں ؛

سفوف: پاؤ سیر چنے گوکھرو سبز کے پانی میں بھگو کر خشک کریں۔ اسکے بعد کوٹ چھان کر شکر سفید ہموزن ملا کر سفوف بنائیں اور بقدر ایک تولہ دودھ کے ہمراہ کھاویں۔

دیگر:۔ دو سالہ سنبل کے درخت کی جڑھ کو جو مولی کی مانند نرم ہو زمین سے نکالیں۔ لیکن اسکو لوہا نہ لگنے پائے۔ کسی لکڑی سے زمین کھود کر نکالا جائے۔ اسکے بعد اسکے ریشے دور کر کے لکڑی کی چھڑی سے

ٹکڑے ٹکڑے کرکے کسی لکڑی سے انہیں سوراخ کریں۔ اور ایک دھاگہ میں پروکر سایہ میں خشک کریں۔ اسکے بعد روزانہ ایکتولہ سفوف کو ایکتولہ مصری کے ہمراہ نصف پیالہ نیم گرم پانی میں ڈالکر لکڑی کے چمچہ سے ہلاکر لعاب اٹھاکر پئیں۔ چالیس روز تک اسی طرح پئیں۔ اثنائے استعمال سے ترشی، بادی، جماع، سرد پانی اور سرد ہوا سے پرہیز کریں۔ مقوی باہ اور مغلظ منی ہے ؛

دیگر: نخود بریاں (بھنے ہوئے چنے) اور مغز بادام شیریں دونوں کو ملا روزانہ صبح و شام کھائیں۔

دیگر: اسگند اور شکر سفید ہموزن لیکر سفوف بنائیں۔ اور روزانہ بقدر ایک تولہ گائے کے دودھ کے ہمراہ کھائیں۔ مقوی باہ اور مسمن بدن ہے۔

دوا: مغز بنولہ ۲ تولہ کو گائے کے دودھ آدھ سیر میں پکائیں۔ اور مصری سے میٹھا کرکے پئیں۔ باہ کو قوت دیتا ہے۔ اور بدن کو موٹا کرتا ہے ؛

سفوف: تخم سرس کو پانی میں بھگو کر مغز نکال لیں اور سایہ میں خشک کرکے شکر سفید ہموزن ملاکر چالیس روز تک روزانہ بقدر سات ماشہ دودھ کے ہمراہ کھائیں۔ نہایت مقوی باہ ہے۔

دوا: اندر جو شیریں کو گرم پانی میں بھگو رکھیں۔ اسکے بعد چھیل کر شہد دو چند میں رکھیں۔ روزانہ سات ماشہ کھائیں اور اوپر سے دودھ پئیں۔

دیگر: ضعف بدن اور استفراغ کثیر کی وجہ سے جو ضعف باہ لاحق ہو۔ اسکے لئے نہایت مفید ہے ؛

نسخہ: مصری تین تولہ میں عرق گاؤزبان تین تولہ ملاکر پکائیں جب رقیق قوام بن جائے۔ تودری سرخ، تودری سفید ہر ایک ۶ ماشہ کو باریک پیسیں۔ اور اوپر سے چھڑک کر صبح و شام پیئیں۔ غذا میں حریرہ زردی بیضہ اور گوشت مرغ جیسی چیزیں کھائیں۔

ترکیب مرغ: (از حکیم علوی خاں مرحوم) تقویت باہ کیلئے نہایت مفید بیان کیا جاتا ہے۔ تین تولہ ہڑتال طبقی کو باریک پیس کر پانی میں حل کریں۔ اور اس پانی میں بقدر ضرورت باجرہ بھگو رکھیں۔ اسکے بعد ایک بوڑھا مرغ لے کر اسکو یہ باجرہ کھلائیں اور اس کے علاوہ کوئی دوسری چیز کھانے کیلئے نہ دیں۔ دن میں صرف ایک مرتبہ پانی پلائیں۔ اور دڑبے میں بند رکھیں۔ تاکہ مرغیوں کے قریب نہ جائے۔ اس اثناء میں اس کے تمام پر گر جائینگے۔ پس اسکو ذبح کر کے تین سیر گائے کے گھی میں مصالحہ معمولی کے ہمراہ پکائیں۔ اور دو تین روز میں تمام گوشت کھائیں یہ دوا سردی کے موسم میں بلغمی مزاج کو استعمال کرنی چاہیئے۔

دوائے ترنجبین: گرم مزاجوں کیلئے مقوی باہ ہے۔ ترنجبین خالص پانچ تولہ کو آدھ سیر گائے کے دودھ میں جوش دیں۔ یہانتک کہ غلیظ ہو جائے اس کے بعد ثعلب مصری تین تولہ باریک پیس کر ملائیں۔ روزانہ ایک تولہ سے دو تولہ تک ہمراہ شیر گاؤ کے کھائیں ؛

دوا۔ تقویت باہ اور تولیدگی کیلئے مفید ہے۔ ایک انڈے کی زردی سفیدی نکالکر سرخ پیاز کا پانی، شہد خالص ہر ایک ایک زردی کے ہموزن ملاکر آگ پر گرم کر کے استعمال کریں۔ چالیس روز تک

اسی طرح استعمال کریں۔مقوی غذا کھائیں۔ اور ہر قسم کی ترشی کھانے سے پرہیز کریں ۔

دیگر مقوی باہ اور مولد منی : دال ماش ۱ تولہ کو پیاز کے پانی میں بھگو رکھیں اس کے بعد چھلکا اتار کر دودھ ایک سیر میں جوش دیں ۔ یہانتک کہ کھویا بن جاوے ۔ اس کے بعد کھانڈ ملا کر روزانہ دو تولہ سے تین تولہ تک دودھ کے ہمراہ کھائیں ۔

سفوف : پوست بیخ سنگھا بوٹی ۔ پوست بیخ اونٹ کٹارہ زرد ماش و آرد کا آٹا تینوں ہموزن ۔ ان دواؤں اور پوست کو سایہ میں خشک کریں اور علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان لیں اور روزانہ آرد ماش بقدر سات ماشہ دودھ کے ہمراہ کھائیں ۔

حلوا مقوی باہ : روا پانچتولہ کو گھی پانچتولہ میں بریاں کریں اور مصری آٹھ تولہ کا قوام شامل کر کے حلوا تیار کریں ۔ اس کے بعد ریگ ماہی تین ماشہ باریک پیس کر حلوے پر ڈالکر کھائیں ۔ روزانہ تازہ بنا کر دس پندرہ روز تک استعمال کریں ۔

جوہر سنکھیا : جو "جوہر سیمن" کے نام سے مشہور ہے ۔ باہ کو تقویت دیتا اور معدہ کی اصلاح کرتا ہے ۔ امراض بلغمیہ کیلئے مفید ہے ۔ سنکھیا چار تولہ لے کر شراب برانڈی قسم ہو ۔ میں چار چھ کھرل کر کے خشک کریں اسکے بعد دو پیالے لیں جنکے کنارے گھس کر ہموار کر لئے گئے ہوں ۔ ایک پیالہ میں سنکھیا مذکور مذکور رکھ کر اسکے اوپر دوسرا پیالہ رکھیں اور دونوں کے کناروں کو گل حکمت سے محفوظ کریں ۔ اور ایک چھوٹے چولہے پر رکھ کر اسکے نیچے دو چوبی یعنی دو

باریک لکڑیوں کی) آنچ جلائیں یا موٹی بتی ڈالکر دیا اس کے نیچے رکھدیں. اور اسکو بار بار پانی سے سرد کرتے رہیں. چار گھنٹے کے بعد سرد کرکے اوپر کے پیالہ سے علیحدہ کریں. بقدر دو چاول مکھن یا بالائی میں کھائیں ؛

دوائے مقوی باہ: یہ دوا الاحمر کے نام سے مشہور ہے. شنگرف قسم اول دو تولہ کی ڈلی لیں. اور زمین قند بقدر ضرورت کوٹ کر اس کا پانی نچوڑیں اور اس پانی میں پھٹکڑی سفید ۱ تولہ کو باریک پیس کر گوندھیں. اور اس کے درمیان شنگرف کی ڈلی رکھ کر غلولہ بنائیں اور اسکے اوپر ایک دو تہ غلیظ کپڑا لپیٹ دیں. اور اسکے کناروں کو سیویں. اسکے بعد تین سیر روغن تخم فرضم (رکڑ کا تیل) تانبے کی دیگچی میں ڈال کر اس میں غلولہ مذکور رکھدیں. اور دیگچی پر سرپوش ڈھانک کر گل حکمت سے مضبوط کریں اور اسکے اوپر ایک وزنی پتھر رکھ کر نیچے آگ جلائیں. لیکن ایک پہر تک آگ ہلکی ہونی چاہیئے. اسکے بعد تین پہر آگ تیز جلائیں. اور بخارات نکلنے نہ دیں. چار پہر کے بعد نیچے اتار کر شنگرف کی ڈلی نکال لیں اور باریک پیس کر رکھیں. بقدر دو چاول مکھن یا بالائی میں رکھ کر کھائیں ؛

گولیاں: یہ گولیاں نہایت مقوی باہ ہیں. بوڑھوں اور بلغمی مزاج کے اشخاص کیلئے بہترین چیز ہے. سم الفار سنکھیا ایک تولہ کو تین سو کاغذی لیموں کے رس میں کھرل کریں. اسکے بعد پارہ اکھٹہ، آر و سنگھاڑا ہر ایک ایک تولہ ملا کر ساٹھ عدد لیموں کے رس میں کھرل کریں. بعدہ دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنا کر رکھیں. ایک گولی مکھن یا بالائی کے ہمراہ کھائیں ؛

سنکھیا مومیہ: تقویت باہ کیلئے عجیب وغریب بیان کیا جاتا ہے ڈنڈا تھوہر کی چند لکڑیاں خشک شدہ پھونک لیں۔ اس خاکستر کو کسی مٹی کے برتن میں ڈالکر پانی میں حل کریں۔ دوسرے روز اس پانی کو بتی لگا کر دوسرے برتن میں مقطر کرلیں یا باآہستگی نتھار لیں۔ اور سم الفار ایک تولہ کی ڈلی کو آہنی کڑچھے میں رکھ کر اوپر سے یہ پانی قطرہ قطرہ ٹپکاویں بارہ گھنٹے کے عمل سے سنکھیا مومیہ ہوجائیگا۔ خوراک بقدر چار چاول ہمراہ مکھن ۲ تولہ ٭

شنگرف مومیہ: باہ کو تقویت دیتا ہے۔ شنگرف رومی دو تولہ کی ڈلی لے کر شیر مدار ایک پاؤ میں ڈالکر کڑچھے میں رکھیں اور اس کے نیچے نرم آنچ جلانا شروع کریں۔ یہانتک کہ تمام دودھ ختم ہوجاوے۔ اسی طرح ایک ایک پاؤ دودھ میں سومرتبہ بجھا دیں۔ اسکے بعد شنگرف کو ایک چینی کی پیالی میں رکھ کر رات کے وقت شبنم میں رکھیں صبح کے وقت شنگرف غلیظ تیل کی مانند غلیظ ہوگا۔ ایک ایک چاول سات سات روز کے بعد مکھن یا بالائی میں استعمال کرائیں۔

طلائے عجیب: ضعف اعصاب کو دور کرتا ہے خصوصاً اس ضعف اعصاب کیلئے نہایت مفید ہے۔ جو جلق اور کثرت مجامعت کی وجہ سے لاحق ہوتا ہے ایک صاحب نے اسکی بہت تعریف کی ہے اور بارہا کا مجرب بیان کیا ہے۔ مغز جمالگوٹہ بارہ عدد کو شہد خالص ایک تولہ میں ملا کر تین گھنٹے متواتر کھرل کریں یہانتک کہ وہ مرہم کی مانند ہوجائے پھر اس کو چینی یا شیشہ کی ڈبیہ میں ڈالکر رکھیں۔ بروقت ضرورت یہ دوا

ایک ماشہ لیکر عضو تناسل پر حشفہ اور سیون بچا کر لگائیں۔ اور عضو کے نیچے خصیوں پر ایک کپڑے کی گدی بنا کر رکھدیں۔ تاکہ خصیوں کو ضرر نہ پہنچے۔ اور مریض کو ایک روز تمام سیدھا لیٹا رہنے دیں تاکہ زہریلا مادہ جو مردہ نسوں سے خارج ہو وہ نیچے کپڑے کی گدی پر لگتا رہے ورنہ وہ زہریلا مادہ خصیوں پر لگ کر پھنسیاں پیدا کردیگا۔ دوسرے روز درمیان سے گدی نکالکر شراب سے روئی کا پھاپہ بھگو کر اس سے زخم کو آہستہ آہستہ دھوئیں۔ اور دو تین روز تک اسی طرح شراب سے دھوتے رہیں چوتھے روز زخم اچھا ہو جائیگا۔ ایک ہفتہ چھوڑ کر پھر بھی طلاء لگائیں۔ اس مرتبہ طلاء کے لگانے سے دوسرے روز روغن چنبیلی میں پھایہ بھگو کر لگاتے رہیں۔ دوسرے تیسرے روز زخم اچھا ہو جائیگا۔ اور اعصاب میں قوت محسوس ہوگی۔ ایک ہفتہ کا وقفہ دیکر تیسری مرتبہ بھی طلاء بدستور استعمالکریں۔ تیسرے مرتبہ کے استعمال کی شاذ ونادر ہی ضرورت پڑتی ہے۔ تیسری دفعہ کوئی تکلیف طلاء لگانے سے نہیں ہوتی۔ دو روز تک روغن چنبیلی لگاتے رہیں۔ اصلی حالت پر قوت عود کر آتی ہے۔ نامردی کا نام ونشان نہیں رہتا۔

طلائے سہل الحصول مقوی باہ

ہیراہینگ، افیون خالص، دارچینی ہر ایک چھ ماشہ، روغن چنبیلی تین تولہ

ترکیب: اول افیون کو روغن میں حل کریں۔ اس کے بعد باقی دو چیزوں کو باریک پیس کر ملائیں۔ پھر عضو مخصوص کو گرم گرم پانی سے دھو کر کسی کپڑے سے استقدر پونچھیں کہ عضو میں سوزش ہونے لگے۔ اب قدرے طلاء

لے کر مالش کریں۔ خصیہ، سیون اور حشفہ کو بچائیں اور عضو کو کھینچ کر دو خصیوں کے درمیان باندھ کر سو رہیں۔ صبح و شام چند روز تک گرم مقام پر بیٹھ کر استعمال کریں۔ کجی و سستی دور ہو جائیگی۔ گندہ پانی مسامات سے خارج ہو جائیگا۔ کئی روز کے بعد قدرے خراش و سوزش ہوگی۔ کم از کم پندرہ روز عمل کریں۔ اثنائے استعمال میں کوئی مناسب سفوف استعمال کریں ؁

دیگر۔ مجلوقین کیلئے نہایت مفید ہے۔ جمالگوٹہ، مغز تخم ارنڈ، برادہ کچلہ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ تینوں کو نصف بوتل شراب برانڈی میں کھرل کریں۔ پھر اس میں سے تھوڑے طلاء لیکر حشفہ اور سیون چھوڑ کر عضو تناسل پر مل کر اوپر سے برگ پان گرم کر کے رکھیں اور پان کے اوپر قدرے روئی رکھ کر دھاگہ سے باندھ دیں۔ جب خراش ہو تو دورہ کھول ڈالیں۔ جب آبلے پیدا ہو جائیں تو ان کو سوئی سے چھید کر پانی کو خارج کر دیں اور مکھن لگاتے رہیں۔ جب زخم بالکل درست ہو جائے تو دوبارہ یہی طلاء استعمال کریں۔ اس طلاء کے بعد اگر ضرورت ہو تو مذکورہ بالا طلاء استعمال کریں۔

طلائے مقوی باہ ہم الفار (سنکھیا سفید) ایک تولہ کو باریک پیس کر آک اور تھوہر کے دودھ ایک ایک تولہ میں خوب کھرل کریں۔ اسکے بعد چار تولہ گائے کا گھی شامل کر کے بارہ پہر بلا توقف کھرل کریں اور شیشی یا چینی کے برتن میں رکھیں۔ رات کے وقت بقدر ایک رتی لیکر حشفہ اور سیون چھوڑ کر طلاء کریں۔ اوپر سے برگ پان نیم گرم رکھ کر کچے دھاگہ سے باندھ دیں۔ اور صبح کے وقت نیم گرم پانی سے دھوئیں۔ جب چھوٹی چھوٹی پھنسیاں نکل آئیں

تو استعمال بند کر دیں۔ اگر زیادہ سوزش ہو تو چھ ماشہ لونگ چار تولہ تلوں کے تیل میں جلا کر صاف کریں۔ اور عضو پر اس کی مالش کریں۔ اثنائے استعمال میں آب سرد اور جماع سے عضو کو محفوظ رکھیں ؂

دیگر: عاقرقرحا، لونگ، جائفل تینوں ہموزن باریک پیسکر پیاز نرگس کے پانی میں پیسکر ضماد کریں۔ روزانہ پیس کر تازہ ضماد کیا کریں ؂

دیگر: عاقرقرحا، زفت رومی، مویزج تینوں ہموزن لے کر باریک پیسیں اور شراب (برانڈی) میں کھرل کر کے گولیاں بنا رکھیں۔ روزانہ ایک گولی شراب (برانڈی) میں کھرل کر کے ضماد کریں ؂

دیگر: شیر مدار (آک کا دودھ) دس تولہ کو شہد خالص ڈھائی پاؤ کے ہمراہ لوہے کی کڑاہی میں لوہے کے دستہ سے اسقدر رگڑیں کہ قوام بندھ جائے اور کڑاہی لیس کی وجہ سے دستہ کیساتھ اٹھنے لگے۔ پھر چار ماشہ افیون ڈالکر خوب حل کریں۔ بعد چینی کے برتن میں رکھیں۔ اور بوقت ضرورت سیون اور حشفہ بچا کر عضو پر لگائیں۔ اور پان رکھ کر پٹی باندھ دیں۔ ایک پہر تک پٹی باندھے رکھیں۔ اسکے بعد پٹی دور کر کے گائے کا مکھن اکیس ۲۱ مرتبہ پانی سے دھو کر عضو مخصوص پر لگائیں۔ تین روز تک اسی طرح عمل کریں ؂

طلائے مقوی باہ: عضو میں فربہی اور درازی پیدا کرتا ہے۔ پوست بیخ کنیر سفید آدھ پاؤ کو باریک کر کے اسقدر شراب سہ آتشہ میں کھرل کریں۔ کہ سفوف مذکور خوب تر ہو جائے۔ تو اسی روز شراب ڈالکر کھرل کریں۔ جب خشک ہو جائے تو تیسری مرتبہ اسی قدر شراب میں کھرل کریں۔ جب خشک ہو جائے تو

گھونگچی سفید مقشر ایکتولہ، میٹھا تیلیا پانچتولہ کو باریک پیسکر ملائیں۔ اور روغن کنجد چار تولہ اضافہ کرکے شراب میں گوندھ کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ اور آتشی شیشی میں ڈالکر بہ طریق معروف روغن کشید کریں۔ قدرے عضو مخصوص پر مالش کرکے اوپر سے برگ پان یا برگ انڈ باندھیں اکیس ۲۱ روز یہی عمل کریں۔ عضو کو آب سرد سے بچائیں اور جماع سے پرہیز رکھیں ؁

طلائے ماہی: نہایت مقوی باہ ہے۔ مقامی نقائص کو دور کرتا ہے۔ ایک روہو مچھلی جس کا وزن تقریباً آدھ سیر ہو۔ لے کر اسکا پیٹ صاف کریں۔ اور ہڑتال طبقی دو تولہ کو باریک پیس کر اسکے شکم میں ڈالکر ایک مٹی کی ہانڈی میں رکھ دیں۔ اور سرپوش سے ڈھانپ کر گھوڑے کی لید کے انبار میں آدھ گز گڑھا کر کے ہانڈی کو دفن کر دیں۔ چالیس روز کے بعد ساٹھی چاول آدھ سیر اور دال موٹھ بارہ تولہ کی کھچڑی پکا کر اس میں بخته شیشی گاڑ دیں اور ہانڈی کو لید سے نکال لیں۔ اس میں کیڑے پڑے ہونگے۔ ان کیڑوں کو چمٹے سے پکڑ پکڑ کر شیشی میں ڈالتے جائیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ کیڑے حل ہوکر تیل کی شکل میں ہو جائینگے۔ اس تیل کو بقدر ایک قطرہ پیڑا یا برفی میں ڈال کر روزانہ کھائیں۔ اور قدرے عضو مخصوص پر مالش کریں۔ پان وغیرہ کچھ نہ باندھیں۔ اس طلاء سے کسی قسم کی سوزش وغیرہ نہیں پیدا ہوتی۔ آب سرد اور جماع سے پرہیز۔ دوا تیار کرتے وقت ناک منہ کو بخارات سے بچائیں ؁

طلاء مقوی باہ: مجلوق کیلئے نہایت مفید ہے۔ گھونگچی سفید، برادہ کچلہ عاقرقرحا۔ لوبست بیخ کنیر سفید، میٹھا تیلیا، مغز جمالگوٹہ ہر ایک دو تولہ۔

تمام ادویہ کو سفوف کر کے بکری دودھ تین پاؤ میں کھرل کر کے گولیاں بنائیں اور خشک ہونے کے بعد آتشی شیشی میں بھر کر روغن کشید کریں اور طریق معروف استعمال کریں ۔

طلائے سُرخ مجلوق کیلئے مفید ہے۔ شنگرف ، جمالگوٹہ کے مغز ، ہر ایک دو تولہ ۔ سنگھیا تین ماشہ ۔ موم چار تولہ ۔ مکھن بارہ تولہ ۔ اول موم اور مکھن کو آگ پر پگھلائیں ۔ بعدہٗ دوسری ادویہ باریک پیس کر ملائیں ۔ بوقت ضرورت ایک رتی سے دو رتی تک عضو مخصوص پر مالش کریں ۔ اوپر سے برگ پان باندھیں ۔ جب پھنسیاں نکل آئیں ۔ تو طلا ترک کر دیں اور روغن چنبیلی لگائیں ۔ اچھا ہونے پر پھر استعمال کریں ۔ غرضیکہ اسی طرح چالیس روز تک استعمال کریں ۔

حلوائے بیضہ مقوی باہ ہے ۔ زردی بیضہ اکیس ۲۱ عدد ۔ گھی آدھ سیر ۔ مصری کو باریک پیس کر تینوں کو چمچہ سے خوب ملائیں اسکے بعد کوئلوں کی آگ پر رکھیں ۔ اور چمچہ سے چلاتے رہیں جب حلوا بن جائے اور روغن جدا ہونے لگے تو زعفران تین ماشہ کو عرق گلاب میں حل کر کے اضافہ کریں ۔ بس حلوا تیار ہے چینی یا شیشے کے برتن میں محفوظ رکھیں ۔ روزانہ صبح کے وقت تین تولہ سے پانچ تولہ تک کھائیں ۔ اوپر سے بقدر برداشت شیر گاؤ پئیں ۔

گولیاں :- قوت باہ کو بڑھانے اور بھوک لگانے کیلئے نہایت مفید بیان کی جاتی ہیں ۔ سیماب (پارہ) کو کپڑے کی چار تہ سے دس مرتبہ چھان کر ایک تولہ لیں ۔ اور ایک تولہ گندھک آملہ سار ملا کر پارہ ایک پہر کھرل کریں ۔

یہانتک کہ دونوں کا سفوف بن جائے۔ اسکے بعد کتھہ سفید، لونگ ہر ایک ایک تولہ کو باریک پیسکر ملالیں۔ اور زردی بیضہ مرغ میں خوب اچھی طرح کھرل کرکے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنائیں۔ روزانہ ایک گولی کھائیں اور اوپر سے گائے کا دودھ پئیں ؛

دوائے سم الفار: مقوی باہ اور مقوی معدہ ہے بسنگھیا ایک تولہ۔ نمک لاہوری سات تولہ۔ دونوں کو ایک روز کامل خشک کھرل کرکے تین چار روز تک آب گیہوں کو اس میں کھرل کریں خشک ہونے پر چھان کر شیشی میں رکھیں۔ نصف چاول سے مکھن کے ہمراہ کھانا شروع کریں اور بتدریج ایک رتی روزانہ تک بڑھائیں۔ دودھ جس قدر پی سکیں پئیں۔ اس دوا کے استعمال سے دودھ گھی ہضم کرنیکی قوت بڑھ جاتی ہے ؛

جریان، رقت منی اور سرعت انزال

سفوف: رقیق منی کو غلیظ کرتا ہے۔ برگد کی کونپل۔ گولر کی چھال۔ دونوں کو سایہ میں خشک کرکے ہموزن لیں۔ اور کوٹ چھان کر شکر سفید ہموزن ملاکر سفوف بنائیں۔ روزانہ بقدر ایک تولہ دودھ کے ہمراہ کھائیں۔

دیگر: منی کو غلیظ کرتا ہے۔ سرعت انزال کیلئے مفید ہے۔ درخت کرنی کی چھال تج، میدہ لکڑی تینوں ہموزن کوٹ چھان کر شکر سفید ہموزن ملائیں۔ اور روزانہ ایک تولہ گائے کے دودھ کے ہمراہ کھائیں۔

دیگر: چنیا گوند، بھوپھلی دونوں ہموزن کوٹ چھان کر بقدر ایک

تولہ دودھ کے ہمراہ کھائیں ؛

دیگر: جریان منی کے لئے کئی مرتبہ تجربہ کرنے پر مفید ثابت ہو چکی ہے اگر قبض ہو تو رات کے وقت مربائے ہلیلہ کھلا دیا جائے ؛ ستاور سنگجراحت دونوں ہموزن لیکر خوب باریک پیس چھان کر دونوں کے برابر شکر سفید ملائیں۔ اور بقدر ایک تولہ دودھ کے ہمراہ کھائیں۔

دیگر: جریان منی اور سرعت انزال کے دور کرنے کے لئے اکثر اطباء کا معمول ہے۔ ببول کی چھال۔ ببول کی پھلی، ببول کا گوند۔ ببول کی کونپل۔ چاروں چیزیں سایہ میں خشک کر کے ہموزن لیں۔ اور کوٹ چھان کر شکر سفید ہموزن ملا کر سفوف بنائیں۔ روزانہ صبح کے وقت ایک تولہ سفوف دودھ کے ہمراہ کھائیں ؛

دیگر: رقیق منی کو غلیظ کرتا ہے۔ سمندر سوکھ، تالمکھانہ، تخم ریحاں ہر ایک دو تولہ کو کوٹ چھان کر شکر سفید ہموزن ملا کر سفوف بنائیں اور بقدر سات ماشہ نہار منہ دودھ کے ہمراہ کھائیں ؛

دیگر: سیلان وجریان کیلئے نافع ہے۔ ببول کی کچی پھلی جس میں تخم نہ پڑے ہوں۔ اور چھوٹی دودہی دونوں ہموزن لیکر سایہ میں خشک کریں اور شکر سفید ہموزن ملا کر سفوف بنائیں۔ بقدر ایک تولہ دودھ کے ہمراہ کھائیں۔

حلوا: منی کو غلیظ کرتا ہے۔ مغز تخم املی۔ گوند ڈھاک۔ نشاستہ ہر ایک ایک تولہ۔ شکر سرخ تین تولہ۔ گھی چار تولہ۔ نشاستہ کو گھی میں بریاں کریں۔ اور بدستور حلوا بنا کر مغز تخم املی اور گوند ڈھاک کو باریک پیس کر ملائیں ایک

تولہ سے دو تولہ تک کھا کر اوپر سے دُودھ پیئیں ؀

سفوف: سرعت انزال کو دور کرتا ہے۔ عاقر قرحا ایکتولہ۔ تخم ریحاں آٹھ تولہ۔ شکر سفید نو تولہ۔ بدستور سفوف بنائیں اور بقدر پانچ ماشہ کھائیں ؀

گولیاں: جریان و سرعت کیلئے نافع ہیں۔ تخم دھتورہ، مرچ سیاہ ہر ایک ایک تولہ۔ باریک کوٹ چھان کر شہد خالص میں گوندھ کر مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنائیں۔ روزانہ صبح کے وقت ایک گولی کھا کر اوپر سے بادیاں سات ماشہ پانی میں پیس کر پئیں ؀

سفوف: برگد کا پھل سایہ میں خشک کرکے کوٹ چھان کر ہموزن شکر سفید ملا کر سفوف بنائیں روزانہ سات ماشہ سفوف دودھ کے ہمراہ کھائیں ؀

سفوف: جریان و رقت منی کیلئے مفید ہے۔ املی کے بیجوں کو چنوں کی مانند بھاڑ میں بھنوائیں۔ اس کے بعد نکال کر باریک پیسیں۔ اور شکر سفید ہموزن ملا کر سفوف بنائیں۔ روزانہ سات ماشہ سفوف دودھ کے ہمراہ کھائیں ؀

دیگر: کیکر کی پھلی جس میں تخم نہ پڑے ہوں۔ بقدر ضرورت لے کر سایہ میں خشک کریں۔ اور کوٹ چھان کر شکر سفید ہموزن ملا کر سفوف بنائیں روزانہ ایک تولہ دودھ کے ہمراہ کھائیں۔

دوا: شیر درخت برگد کے چند قطرے پتاشہ میں ڈالکر کھائیں۔ اوپر

سے دودھ پئیں۔ جریان و رقت کیلئے مفید ہے۔

سفوف برائے جریان: میدہ لکڑی۔ گوند ڈھاک ہر ایک دو تولہ مغز تخم املی تین تولہ۔ تینوں کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ پانچ ماشہ سفوف دودھ گائے کے ہمراہ کھائیں۔

دیگر: تالمکھانہ، مغز تخم املی دونوں کو ہموزن لے کر باریک پیسیں۔ اور برگد کے دودھ میں تین مرتبہ تر و خشک کر کے مصری ہموزن ملا کر سفوف بنائیں۔ بقدر چھ ماشہ دودھ کے ہمراہ کھایا کریں۔

حلوائے برنج: رقت وجریان کو دور کرتا ہے۔ سیلان الرحم کیلئے بھی مفید ہے۔ درخت گولر کا پھل، گوند ڈھاک، گوند ببول، مولسری اور جڑ بیری اور سنبل کی چھال دو دو تولہ لے کر ایک ایک سیر پانی میں جوش دیں۔ یہانتک کہ تہائی پانی باقی رہے۔ اس پانی کو چھان کر اس میں آدھ سیر ساٹھی کے چاول پکائیں۔ یہاں تک کہ تمام پانی جذب ہو جائے۔ اسکے بعد خشک کر کے باریک آٹا پیسیں۔ اور روزانہ آدھی چھٹانک آٹا لے کر آدھی چھٹانک گھی میں بھونیں۔ اور آدھی چھٹانک شکر سفید کا قوام ملا کر بدستور حلوا تیار کر کے کھائیں۔ اسی طرح روزانہ تیار کر کے استعمال کریں۔

گولیاں: سرعت انزال کو دور کرتی ہیں۔ ثعلب مصری، مصطگی رومی۔ پوست جڑھ بیری۔ تینوں ہموزن لے کر باریک پیسیں۔ درخت برگد کے دودھ میں گوندھ کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ چالیس روز تک ایک گولی روزانہ دودھ کے ہمراہ کھائیں۔

دیگر: عاقر قرحا حسب ضرورت لیکر باریک پیسیں۔ اور سات مرتبہ برگد کے دودھ میں تر و خشک کریں۔ اسکے بعد ہموزن غنچہ ناشگفتہ انار شیریں اور غنچہ ناشگفتہ بڑھ شامل کر کے برگد کے دودھ میں کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ چالیس روز تک ایک گولی روزانہ گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

دیگر: ممسک ہیں۔ خولنجاں، ثعلب مصری، ہر ایک چھ ماشہ، جلوتری۔ جدوار ہر ایک تین ماشہ، افیون ساڑھے چار ماشہ، سب کو باریک پیس کر آب برگ پان میں گوندھ کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ بوقت ضرورت ایک گولی سے دو گولی تک شام کے وقت کھائیں۔ اوپر سے دودھ پئیں اور کوئی چیز نہ کھائیں۔ تین چار گھنٹے کے بعد مشغول ہوں۔

سفوف اجریان منی و ندی کیلئے مفید ہے۔ مازوئے سبز، رال سفید سبوس اسبغول۔ مصری۔ چاروں ادویہ ہموزن لیکر کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ روزانہ چھ ماشہ دودھ کے ہمراہ کھائیں۔

حریرہ: جریان و رقت منی کے لئے مفید ہے۔

مازوئے سبز، رال سفید، سبوس اسبغول، مصری، تخم ریحاں ہموزن لے کر یکجا کر کے پانچ ماشہ گائے کے دودھ پاؤ سیر میں ملا کر پکائیں۔ اور مصری دو تولہ سے شیریں کر کے کھائیں۔

حریرہ ثعلب مصری جریان و رقت کو دور کرتا ہے۔ ثعلب مصری آرد سنگھاڑا، مغز بنولہ ہر ایک تین ماشہ کو پانی میں پیسکر گائے کا دودھ

خوشخبری

اب آپ گھر بیٹھے بٹھائے
بھی کتابیں منگوا سکتے ہیں!

ضروری گذارش



اِطلاع عام

اکثر لوگ اس بات سے ناواقف ہیں کہ گھر بیٹھے بٹھائے کتابیں کس طرح منگوائی جا سکتی ہیں۔ ہماری فرم نے اس مشکل کو بالکل آسان کر دیا ہے۔ مثال کے طور پر آپ پاکستان کے کسی شہر یا گاؤں میں رہتے ہیں اور کتابیں منگوانا چاہتے ہیں تو آپ صرف ملکتا پیسے کے پوسٹ کارڈ پر اپنی پسندیدہ کتابوں کے نام اور اپنا مکمل پتہ خوشخط لکھ کر ہماری فرم منیجر بڑا کتب خانہ اندرون شیرانوالہ لاہور کے نام پوسٹ کارڈ ارسال کریں۔ آپ کا خط ملتے ہی آپ کی فرمایشی کتابیں بھیج دی جائیں گی جو آپ کو پانچ چھ دن میں ڈاک خانے والے آپ کے گھر کتابیں پہنچا کر آپ سے قیمت وصول کر لیں گے۔ ڈاک خانہ کا خرچ بہت معمولی ہے جسے ہر غریب سے غریب آدمی بھی خوشی سے برداشت کر سکتا ہے۔ جو حضرات ہمارے ہمیشہ کے گاہک بن جاتے ہیں انہیں ہم محصول ڈاک معاف کر دیتے ہیں۔ لیکن ۔۔ روپے قیمت سے کم کتابیں ہرگز ارسال نہیں کی جاتیں۔ ہماری تجارت کم منافع اور زیادہ بکری پر منحصر ہے ہمارے کتب خانہ سے ہر قسم کی کتابیں با رعایت مل سکتی ہیں۔ مثلاً پنجابی۔ اردو۔ عربی۔ فارسی۔ دینی اور قرآن پاک بھی مل سکتے ہیں۔ اس طریقہ سے کتابیں منگوانے سے نہ تو آپ کو باہر آنے کی تکلیف ہوگی اور نہ ہی دوسرے خرچ اخراجات برداشت کرنے پڑیں گے اور نہ کسی عزیز کی منت سماجت کرنی پڑے گی۔ اگر کچھ معلومات حاصل کرنی ہوں تو جوابی کارڈ بھیجیں۔

ضروری نوٹ: آرڈر خوب سوچ سمجھ کر دیں۔ کتابیں منگوا کر واپس کرنا اخلاقی اور قانونی جرم ہے

بذریعہ ڈاک گھر بیٹھے بٹھائے کتابیں منگوانے کا پتہ:

منیجر بڑا کتب خانہ اندرون شیرانوالہ گیٹ لاہور۔

باب اوّل

بیچ بیان صاف کرنے فلزات یعنی دھات کے

جاننا چاہیئے کہ جس دھات کا مارنا یعنی کشتہ کرنا منظور ہو۔ پہلے اس سے کہ اس کو کشتہ کی ترکیب میں لاویں اس دھات کو اولاً اس طور سے پاک صاف کریں۔ جیسا کہ ذیل میں لکھتا ہوں۔ یعنی روغن کنجد بقدر ضرورت لیکر ایک چھوٹے سے ظرف تنگ دہن میں رکھیں۔ پھر اگر وہ دھات پگھلنے والی ہے تو پگھلا کر۔ اور اگر پگھلنے والی نہیں ہے تو بدوں پگھلائے صرف گرم کر کے اس تیل میں تین بار بجھاؤ دیں۔ پھر اسی طرح سے تین بار آب جغرات یعنی دہی کے توڑ میں تین بار بجھاؤ دیں۔ پھر اسی طرح سے بول مادہ گاؤ میں جو بغیر بچہ یعنی عبنی نہ ہو۔ تین بار۔ پھر تین بار کر نجی یعنی سرکہ کہنہ میں بجھاؤ دیں۔ پھر اسی طور سے تین بار مطبوخ کلتھی یعنی جوشاندہ کلتھی میں بجھا کر کام میں لائیں۔ ہر چند کہ مہوسین کے نزدیک اور نیز کتب متقدمین میں بہت سے بڑے بڑے طریقے صفائی فلزات کے موجود ہیں لیکن بنظر طوالت میں نے اس جگہ پر صرف ایک قاعدہ لکھدیا ہے۔ جو سب سے زیادہ آسان ہے اور نیز پرانی دستور العمل اسی پر ہے۔ بس خیال کر لینا چاہیئے۔ کہ جب تک کسی چیز کا میل اور گرد و غبار پاک صاف نہ کیا جاوے۔ گو ہزار

طرح سے بنائے۔ مگر وہ عیب ظاہری جو اس میں موجود ہے۔ کبھی بغیر نقصان لائے نہ رہیگا۔ پس ہر عقل سلیم والا میرے اس نوٹ کو بنظر غور دیکھ کر تسلیم کر سکتا ہے۔ اور خود ہی سمجھ سکتا ہے۔ کہ یہ بات جو میں نے اوپر بطور قاعدہ کے تحریر کی ہے۔ کہاں تک مفید اور کار آمد ہو سکتی ہے۔

باب دوم کشتہ جات فلزات یعنی دھات میں

اس میں گیارہ فصلیں ہیں۔

فصل اول۔ کشتہ جات نحاس میں یعنی تانبہ میں۔

فصل دوئم۔ کشتہ جات نقرہ یعنی چاندی میں۔

فصل سوئم۔ کشتہ جات طلاء یعنی سونے میں۔

فصل چہارم۔ کشتہ جات قلعی یعنی رانگہ میں

فصل پنجم۔ کشتہ جات جسد یعنی جست میں۔

فصل ششم۔ کشتہ جات سرب یعنی سیسہ میں۔

فصل ہفتم۔ کشتہ جات فولاد میں۔

فصل ہشتم یعنی آٹھویں کشتہ سنکھیا و ہڑتال میں۔

فصل نہم یعنی نویں۔ کشتہ جات شنگرف و مرجان وغیرہ میں

فصل دہم یعنی دسویں۔ روغن میں جو کہ مہوسی سے تعلق رکھتے ہیں

اور بہت کام آتے ہیں۔ اور اصل الاصول مہوسی ہیں۔

فصل یازدہم یعنی گیارہویں۔ بنانے گل حکمت اور تراکیب متعلق علم صناعت مہوسی کے۔

فصل اول کشتہ مس یعنی تانبہ کے بیان میں۔ مس کو اولاً بطریقہ مذکورہ بالا کانجی میں تین یا سات بار بجھاویں۔ پھر تین بار عرق لیموں میں بجھاو دے کر نگدے برگ رتن جوت میں رکھ کر ۱۲ سیر پاچک دشتی میں آگ دیں۔ کشتہ ہو جائے گا۔

ایضاً: برادہ مس کو عرق لیموں میں یا کانجی میں تین پہر خوب سحق کرنے کے بعد نگدے انار ترش و نگدے برگ چوکہ میں رکھ کر ۱۰½ سیر اُپلہ کی آنچ دیں۔ عمدہ کشتہ ہو جاویگا۔

ایضاً: فلس خام کو اولاً صاف کر کے نگدے برگ انکول میں رکھ کر ۱½ سیر کی آنچ دیں۔

ایضاً: تانبہ کو صاف کر کے ہڑتال اور گندھک تو آب صبر ہندی میں کھرل کر کے بعد تانبہ پر سات بار لیپ کر کے نگدے برگ اکاش بیل میں رکھ کر گز فٹ کی آنچ دیں کشتہ ہو جاویگا۔

ایضاً: تانبہ پتر چرک وغیرہ سے پاک کر کے اجوائن خراسانی اُنار اور برادہ صندل میں رکھ کر گز فٹ کی آنچ دیں۔ کشتہ ہو جاوے گا۔

یہ کشتہ عباسی رنگ کا ہوگا۔ **ایضاً:** تانبہ کو بعد تنقیہ کے سات بار برانڈی
خالص میں بجھاؤ دے کر پھر تین بار آب رستک میں بجھا کر زمین قند کے
نگدے میں رکھ کر کپروٹی کرنے کے بعد ½ ۱۰ اثار پاچکدشتی کی آنچ دیں۔ یہ
کشتہ آسمانی رنگ کا ہوگا۔ **ایضاً:** تانبہ بقدر ضرورت لے کر حسب
سابق صاف کرکے نگدے ہڑتال میں تہ دیکر نگدے برگ بادرنجبویہ میں گل
حکمت کرکے ½ ۹ ثار پاچکدشتی کی آنچ دیں۔ کشتہ ہو جاویگا۔ **ایضاً:** تانبہ
بقدر ضرورت لے کر بعد عمل صفائی کے سات بار آب سجی میں اور تین بار
آب چوکہ میں بجھاؤ دیکر شیر تھوہر کا خوب لیپ کرکے نگدے مغز شاخ
تھوہر میں گل حکمت کرکے ½ ۸ ثار پاچکدشتی کی آنچ دیں۔ **ایضاً:** تانبہ کو
صاف کرکے انکول کی لکڑی کا برادہ بنا کر دوسری لکڑی انکول کی خالی کرکے
وہ برادہ اس میں رکھ کر اس پر پیسہ کو رکھ کر بقیہ برادہ بھر کر لکڑی کو گل
حکمت کرکے بعد گز فٹ کی آنچ دیں عمدہ کشتہ ہوگا۔ **ایضاً:** تانبہ کو اولاً
صاف کرکے ایک ہفتہ تک عرق منڈی میں تر رکھیں پھر نکالکر شیر تھوہر
کا خوب لیپ دے کر مرحبا کہنہ کے پتوں کے نگدے میں رکھ کر ½ ۷ ثار پاچک
دشتی کی آنچ دیں کشتہ ہو جاویگا۔ **ایضاً:** مس مصفیٰ بقدر ضرورت لیکر
صاف کرکے مغز حب السلاطین کو شیر تھوہر میں پیسکر نگدے بنا کر اس
نگدے میں مس کو رکھ کر ½ ۹ ثار پاچکدشتی کی آنچ دیں کشتہ ہو جاویگا۔

فصل دوم کشتہ جات نقرہ یعنی چاندی میں

ترکیب کشتہ نقرہ ۔ نقرہ خالص بقدر ضرورت لیکر اولاً تنقیہ کریں۔ بعد کو سات بار شراب برانڈی میں گرم و سرد کریں۔ پھر نگدے برگ ارجن میں رکھ کر گز فٹ کی آنچ دیں بعد سرد ہونے کے نکالیں۔ اگر کچھ خامی ہو۔ تو دوبارہ برگ درخت بانسہ کے نگدے میں دوسیر آنچ دیں کشتہ ہو جاویگا ۔ **ایضاً :** روپیہ کو اولاً عرق نکچھکنی سپید میں سات بار بجھاؤ دیکر نگدے ہڑتال میں رکھکر ۹½ ثار پاچک کی آنچ دیں ۔ **ایضاً :** روپیہ جیپوری کو اولاً تین بار کانجی میں بجھا کر صاف کریں۔ پھر تین بار عرق ماتیا کند مین بجھاؤ دیکر برگ و شاخ کا ٹیا ماٹھ میں رکھ کر گل حکمت کر کے ۱۰½ اثار پاچک کی آنچ دیں ۔ **ایضاً :** نقرہ مسلم یا روپیہ کو اولاً صاف کرکے بعد عرق لٹو کری میں ۱۲ بار بجھاؤ دیکر تباچنی کے پتوں کے نگدے میں رکھ کر ۷½ اثار پاچک دشتی کی آنچ دیں۔ اسی طرح سے دو آنچ اور دو۔ یہ کشتہ تین آنچ میں ہوتا ہے۔ **ایضاً :** روپیہ کو صاف کر کے گندھک کو سرکہ میں پیسکر دو تین بٹ دیکر نگدے برگ دودھی یا نگدے برگ انار ترش میں رکھ کر بعد گل حکمت کے ½ ثار کی آنچ دیں۔ جاننا چاہیئے۔ پھر اُس بوٹی میں جس کا پھول سفید ہو کشتہ نقرہ کا۔ اور اس بوٹی میں جسکا پھول زرد ہوتا ہے کشتہ زر یعنی طلا کا ہوتا ہے۔ یہ اکثر

مہوسین کا مقولہ ہے۔ اور نیز تجربہ سے ایسا ہی ثابت ہوا ہے ؛

فصل سوئم کشتہ جات طلاء یعنی سونے میں

ترکیب کشتہ طلاء: برادہ زر خالص بقدر ضرورت لیکر ایک لوہے کی کڑچھی میں آگ پر رکھ کر اس پر تھوڑا سا سرب یعنی سیسہ پلیکر ڈالیں۔ اور عرق لٹو کری کا پکا کر خوب جوش دیں۔ اور بار بار عرق مذکور میں تھوڑا نمک ملاکر ٹپکائے جائیں۔ جب برادہ زر خاکستر ہو جائے کام میں لا دیں۔ **ایضاً**: اشرفی کو اولاً صاف کر کے ۲۱ بار عرق لیموں میں بجھاؤ دیکر نگدے برگ بجرونتی میں رکھ کر گل حکمت سے ۱۰½ ثار کی آنچ دیں۔ یہ کشتہ عمدہ اور لاجواب ہوتا ہے۔ **ایضاً**: پتر زر کو اولاً بعد تنقیہ کامل کے سات بار عرق لیموں میں اور سات بار عرق صبر ہندی میں پھر سات بار عرق سونا مکھی میں بجھاؤ دیکر نگدے برگ ادبا جہارہ میں بعد گل حکمت کے ½ ۱ ثار کی مضبوط آنچ دیں کشتہ ہو جاویگا۔ **ایضاً**: پتر زر کو اولاً صاف کر کے ۱۲ بار شیر تیتر میں بجھاؤ دیکر نگدے درخت برگ شان میں رکھ کر دس سیر کی آنچ دیں۔ کشتہ ہو جاویگا۔ **ایضاً**: پتر زر کو اولاً گوچہ میں سات بار بجھاؤ دے کر نگدے برگ رذونتی میں گل حکمت کر کے ½ ۶ ثار پاچک دشتی کی آنچ دیں۔ عمدہ کشتہ ہو جاوے گا ؛

فصل چہارم کشتہ جات قلعی یعنی رانگہ میں

ترکیب کشتہ رانگہ: قلعی بقدر ضرورت لے کر تین بار ترشی جغرات میں بجھاؤ دے کر نگدے پوست درخت تمر ہندی میں گلحکمت کرکے ۱/۲ اثار پاچکدشتی کی آنچ دیں کشتہ ہوجاوے گا۔ الیضاً: قلعی مصفا بقدر ضرورت لے کر پتر بنائیں۔ پھر اس پر گندھک کا لیپ کرکے دودے میں ٹاٹ لبستہ کرکے گز فٹ کی آنچ دیں کشتہ ہوجاویگا۔ الیضاً: قلعی کو اولاً عرق انار ترش میں بجھا کر نگدے برگ گوکھرو ونگدے برگ تمر ہندی رکھ کر گز فٹ آنچ دیں کشتہ ہوگا۔ الیضاً: قلعی کو چوڑا کرکے عرق لیموں میں ایک رات دن ہمراہ تھوڑے سہاگہ کے تر رکھیں۔ بعد کو نکالکر نگدے برگ بانسہ سرخ رنگ یا چولائی سرخ میں گلحکمت کرکے ۱/۲ ۱۲ اثار پاچکدشتی کی آنچ دیں۔ یہ کشتہ علاوہ مہوسی کے سوزاک وجریان وپرسوت وغیرہ کو از حد مفید ہے۔

فصل پنجم کشتہ جات جست میں

ترکیب کشتہ جست: جست غیر مستعمل بقدر ضرورت لے کر کرچہ آہنی میں رکھ کر آگ پر رکھیں۔ جب سپیدی اسکی تبدیل ہوجاوے

تب تھوڑا سہاگہ ڈالکر چرخ میں لاویں جب خوب چرخ میں آوے اس
وقت عرق انار یا عرق جو کہ اس پر ٹپکائیں۔ یہاں تک کہ ثمار عرق جذب
ہوجاوے۔ پھر آگ سے اتار کر کام میں لاویں۔ یہ کشتہ دھوسی میں سب کام
آتا ہے۔ اور واسطے مایوس باہ کے آبحیات کا حکم رکھتا ہے۔ اور ہاضم
طعام بھی ہے۔ اگر شخص نامرد یا بالکل ضعیف کو اس کا استعمال کرائیں
قوت شباب پیدا کرتا ہے۔ **ایضاً**: جست کو کڑچھہ میں رکھ کر تلے
اوپر شورہ دے کر عرق برگ تمرہندی سے چھپائیں۔ اور خوب آنچ دیں
کہ سب عرق جذب ہوجاوے۔ جست خاکستر ہوجائے۔ بس آگ سے
نکال کر کام میں لاویں۔ یہ کشتہ نامردوں اور کمزوروں اور جلق زدوں کے
واسطے اکسیر البدن ہے۔ بھوک کو بڑھاتا ہے۔ کھانے کو ہضم کرتا ہے۔ باہ کو
برانگیختہ کرتا ہے۔ اپنا آپ ہی مثل ہے ؛

فصل ششم کشتہ جات سرب یعنی سیسہ میں

سرب یعنی سیسہ بقدر حاجت لے کر ریزہ ریزہ کرکے ہمراہ کبریت اصفر
کے ایک کڑچھ میں آگ پر پگھلا کر ایک کھرپہ میں ڈالے اور اس کھرپہ کو گل
حکمت کرکے ظرف گلی میں خوب سخت آنچ دیں کشتہ ہوجاویگا۔ یہ کشتہ دھوسی
کے اعلیٰ کام میں آتا ہے۔ **ایضاً**: سرب مصفیٰ بقدر حاجت لے کر پرت

پرت بنا کر قلفطار اور گندھک کانجی میں پیس کر اس پر لیپ کریں۔ اور سفال گلی میں گلحکمت سے گز فٹ کی آنچ دیں۔ یہ کشتہ عباسی یا طاؤسی رنگ کا ہوگا۔ یہ دو رنگ اس کشتہ کے عمدہ ہیں۔ دونوں مہوسی کے کام کے ہیں۔ اور جو کشتہ اس کا کسی اور رنگ کا ہوگا۔ وہ باعتبار اقوال و تجربہ ماہرین کے ضعیف العمل قرار دیا جاتا ہے ؛

فصل ہفتم یعنی ساتویں کشتہ جات فولاد میں

ترکیب: اولاً برادہ فولاد کو سرکہ تند و کہنہ میں تین روز سحق بلیغ کریں۔ یعنی خوب کھرل کرنیکے بعد کسی مٹی کے آبخورے میں رکھ کر آگ پر چوب لگائیں۔ بعدہٗ عرق لیموں سے لبریز کر کے آبخورے کو گل حکمت کر کے گز فٹ کی آنچ دیں۔ کشتہ ہوجاویگا ؛ **ایضاً**: اولاً فولاد کو صاف کر کے ۲۱ بار عرق لیموں میں، پھر ۲۱ بار عرق جوکہ میں بجھاؤ دیکر نگدے جوکہ میں گل حکمت کر کے ۲۸ سیر کنڈے کی آنچ دیں۔ یہ کشتہ محافظ قوی اربع اور مقوی معدہ و مقوی باہ ہے اور مہوسی کے لئے بہت کاموں میں کام آتا ہے۔

ایضاً: اول فولاد کو بطریق مذکورہ بالا خوب پاک و صاف کر کے تین بار عرق جوکہ اور سات بار عرق لیموں میں اور تین بار ببول گاڈ نمیں بجھاؤ دیکر شورہ قلمی اور شیر مدار میں پیس کر اس پر لیپ کریں اور بعد خشک

ہونیکے نگدے انار دانہ میں رکھ کر گل حکمت کرنے کے بعد بطریق متعارف گز فٹ کی آنچدیں۔ کشتہ نفیس اور قابل صناعت مہوسان ہوجاویگا علاوہ بریں معدہ کی جملہ امراض اور باہ کے متعلق امورات میں اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہے ؛

فصل ہشتم کشتہ جات سنکھیا و ہڑتال میں

ترکیب کشتے سنکھیا: سنکھیا بقدر ضرورت لیکر سورن کند میں کا وا کر کے ڈبے کو اس میں رکھ کر سات کپروٹی کر کے خشک ہونے کے بعد ½ ۷ ثار پا چکدشتی گڑھے کی آنچدیں۔ کشتہ ہوجاویگا۔ **ایضاً**: سنکھیا کو مرچ سرخ کے بتوں کے نگدے میں بند کر کے ½ ۷ ثار پا چکدشتی آنچ دیں۔ **ایضاً**: سنکھیا کو بقدر ضرورت لے کر اولاً تین رات دن عرق لیموں میں کھرل کر کے نگدے برگ لاجونتی میں رکھ کر گل حکمت مضبوط سی ½ ۱۴ ثار پا چکدشتی کی آنچدیں۔ **ایضاً**: سنکھیا کو اولاً آب میں ایک رات دن۔ پھر آب سجی میں ایک رات دن۔ پھر انار ترش میں ایک رات دن تر کرنے کے بعد نگدے شاخ ناگ پھنی میں رکھ کر خوب مضبوط گل حکمت سے ½ ۱۴ ثار پا چکدشتی کی آنچدیں۔ **ایضاً**: سنکھیا کو تین روز تک لبول ابز سیاہ رنگ میں تر رکھیں۔ چوتھے روز نکال کر ریزہ ریزہ

کر کے مغز صبر ہندی میں درمیان اسکو الکی گل حکمت کر کے ۸½ ثار پاچک
دشتی میں آنچدیں۔ یہ کشتہ مہوسین کے واسطے عجیب چیز ہے۔ یہ اپنا وصف
اپنی آپ ہی ہے۔ وقت ضرورت کے تبلا دیگا۔ مجھ کو زیادہ تعریف کی
ضرورت نہیں ؎ مشک آنست کہ خود ببوید ؁ نہ کہ عطار گوید

ایضاً ترکیب کشتہ ہڑتال: ہڑتال ہر دو قسم لے کر نگدے برگ
نیب کے ہمراہ گل حکمت کر کے ۶½ ثار کی آنچ دیں کشتہ ہو جاویگا۔ **ایضاً:**
ہڑتال بقدر ضرورت لے کر ناگ پھنی کے مغز میں خوب کھرل کر کے غلولہ
تیار کرنے کے بعد اسکو روئی میں رکھ کر گل حکمت سے ۷½ ثار کی آنچدیں
کشتہ ہوگا۔ **ایضاً:** ہڑتال بقدر ضرورت لے کر مغز بھیڑ میں پیس کر پھر
نگدے برگ کریل میں رکھ کر کپروٹی کر کے ۹½ ثار کی آنچدیں کشتہ ہو جاویگا
ایضاً: ہڑتال کو سفیدی بیضہ مرغی و ماکیاں میں پیسکر غلولہ بنا کر اس کو
اس میں رکھ کر گز فٹ کی آنچ دیں۔ **ایضاً:** ہڑتال کو مسلم لے کر اولاً
شیر تھوہر میں پکائیں۔ بعد کو سرد کر کے نگدے برگ کرنج میں رکھ کر خوب
مضبوط گل حکمت کر کے گز فٹ کی آنچ دیں۔ **ایضاً:** ہڑتال بقدر ضرورت
لیکر بول خر میں ایک رات دن تک تر رکھیں پھر نکالکر ریزہ ریزہ کر کے
روئی میں نگدے برگ مدار کے رکھ کر اس پر ہڑتال کی ڈلیاں برابر بچھاویں۔
اوپر سے بقیہ نگدے لحاف کر کے دونوں گل ارمنی یا ملتانی مٹی سے بند

کر کے اوپر سے اور تین چار کپر وٹی کر کے خشک ہونے کے بعد گز فٹ کی آنچ دیں۔ بعد سرد ہونے کے نکال کر کام میں لاویں۔

یہ کشتہ صباغ الاستار یعنی رنگنے والا دہات کا ہے۔ اور نیز واسطے جذام اور آتشک اور امراض سوداوی کے اکسیر الاعظم ہے۔ جہوسین کے یہاں اس کشتہ کا نام صباغ ہے۔ صبغ کے معنے رنگنے کے ہیں اور صباغ سے رنگنے والا مراد ہے۔ اکثر شائقین اور ناظرین سے التجا ہے کہ اگر آپ کو کچھ پس و پیش نہ ہووے تو ہماری خاطر سے تھوڑی محنت گوارہ فرما کر ان تراکیب میں سے وقتاً فوقتاً آزمائش کر لیں یہ اور بات ہے۔ کہ اگر بوجہ ناتجربہ کاری کے ناواقفیت کے باعث ترکیب میں کسی قسم کا نقص ہونیسے کچھ خامی رہے۔ اسکی ذمہ واری ہمارے امکان سے باہر ہے۔ ورنہ اس وقت تک جو جو ترکیب اس مختصر رسالہ میں درج ہوئی ہے اور نیز آگے آنیوالی ہیں۔ انشاء اللہ ذرہ برابر خامی نہ کریں گے۔ بلکہ دعوے کے ساتھ اپنا اپنا پورا پورا عملدر آمد کر کے دکھلا دینگے۔ وما توفیقی الا باللہ ؎

فصل نہم یعنی نویں فصل کشتہ جات شنجرف در جائفل

شنجرف رومی بقدر ضرورت لیکر ایک ظرف آہنی میں آگ پر رکھے

باقی صـ ۱۷ پر

اور اُس پر عرق لیموں ٹپکائیں۔ پھر نکالکر سرد کر کے دوبارہ اسے کرچھ
میں رکھ کر آگ پر کھبو نچائیں اور عرق پیاز ٹپکائیں۔ اور خوب آتش
دیں۔ پھر اُسی عرق سے نکالکر دوسری کرچھ میں تلے اوپر نگدے
پیاز کے دے کر پکائیں۔ جب پک جائے نکال کر ازاراے پاؤ ثار۔
رائی پاؤ ثار۔ مالکنگنی پاؤ ثار۔ گھی ایک ثار۔ شہد ایک ثار۔ سب کو
باریک کر کے نگدے بنا کر اس نگدے میں شنجرف مذکور کو رکھ کر ظرف
آہنی میں دیگدان پر رکھ کر ہشت پاس یعنی آٹھ پہر کی آنچ دیں کشتہ
ہو جاوے گا۔ **ایضاً**: ایک ڈلی شنجرف مسلم لیکر اولاً عرق لیموں
کاغذی میں تر کریں۔ پھر عرق انار ترش میں پیس کر غلولہ بنا کر اس کو
روئی میں گل حکمت سے ۸½ کی آنچ دیں۔ کشتہ ہو جاویگا۔ یہ کشتہ
مہوسی کے فن کی روح رواں اور نامردوں اور سست لوگوں کے
واسطے بہت مفید ہے۔ کھانے کیواسطے اسکی خوراک ایک برنج ہے۔
ہمراہ بالائی شیر کے اور مہوسی میں دو سرخ تک ایک مرتبہ کے واسطے
کافی ہے۔ **ایضاً**: شنجرف رومی بقدر ضرورت لیکر اولاً تین شبانہ
روز عرق مولی میں اور ایک رات دن عرق صبر ہندی میں تر رکھ کر
پانچویں روز نکال کر نگدے برگ چنال میں رکھ کر دو شکورہ گلی
میں خوب کپروٹی مضبوط کر کے خشک کرنے کے بعد ½ ۱۶ اُپلوں کی آگ دیں

خوب آنچ دیں. کشتہ عمدہ اور خوشرنگ ہوگا۔ **الیضاً** شنجرف بقدر ضرورت لیکہ. زردہ بیضہ مرغ میں کھرل کرکے غلولہ بنائیں اور اس غلولہ کو نگدرے مو رشکیہی میں رکھ کر ۱۰ ثار سے گڑھے کی آنچدیں عمدہ کشتہ ہوجاویگا۔ **الیضاً** شنجرف کو ریزہ ریزہ کرکے برگ حی العالم کے عرق میں پیسکر اسکو روئی میں رکھکر کے گل حکمت سے ۱۰ ثار کی آنچدیں کشتہ ہوجاوے گا۔ **الیضاً** کشتہ مرجان. یعنی مونگا مرجان بقدر مناسب لیکہ آگ پر خوب گرم کریں اور آب تہ چہیں سرد کریں۔ اسی طرح سے چند بار عمل کرکے نگدرے برگ ناگر بیل میں رکھ کر آنچدیں کشتہ ہوجائیگا۔ **الیضاً** مرجان کو لیکہ باریک پیس کر عرق لیموں میں گولی بناکر اسکو روئی میں رکھ کر گل حکمت سے ۱۰ ثار کی آنچدیں. کشتہ ہوجائیگا۔ **الیضاً** مرجان کو عرق لیموں کاغذی میں ایک پہر کامل. پھر عرق رتن جوت میں ایک پہر کامل۔ پھر عرق برگ مدار میں ایک پہر سحق کرنے کے بعد ظرف گلی میں گل حکمت سے ۱۰ ثار کی آنچدیں. کشتہ ہوجائیگا۔

فصل دہم۔ روغنوں میں جو کہ مہوسی سے تعلق رکھتے ہیں

ساختن روغن عروس یعنی گندھک پاؤ. ہڑتال پاؤ زردچوب

آدھ پاؤ۔ ورق شجر البطور ایک تار لیکر اسطور سے کریں کہ ایک کوری ہانڈی میں پہلے ورق مذکور تھوڑے بچھائیں۔ اس پہ گندھک ریزہ ریزہ کر کے بچھائیں۔ پھر اس پر ہڑتال اور ہڑتال پر زرد چوب سائیدہ بچھا کر اسی طرح سے کئی تہ دیں اور پھر ہانڈی پر سرپوش رکھ کر مضبوط بند کریں اور ہانڈی میں قبل اسکے کہ ادویہ ڈالی جائیں باریک سوراخ کر دیں۔ اور اس سوراخ میں ایک سنگ ڈھیلی لگا دیں۔ پھر اس ہانڈی کو زمین میں ایک گڑھا کھود دیں اور اس گڑھے میں ایک برتن رکھیں اور ہانڈی کو اس چقر پہ رکھ کر ہانڈی کے اوپر کنڈوں کی خوب تیز آنچ دیں اور جب کنڈے قریب گل چینی کے آویں۔ تب دباویں بعد ایک رات کے کھولیں اور ہانڈی کو آہستہ سے گڑھے پر سے اٹھا لیں۔ جو ظرف کہ گڑھے کے اندر رکھا ہے روغن اس میں جمع ہوگا۔ اس کو باحتیاط تمام اٹھا کر شیشی میں رکھیں اور عند الحاجت کام میں لاویں۔ یہ روغن دھات کو رنگتا ہے اور علاوہ اسکے جلق زدہ اور سست اور نامردوں کو از حد مفید اور مجرب المجرب ہے۔ **ایضاً** ترکیب روغن نوشادر۔ ایک ہانڈی لیکر اس کے وسط میں باریک سوراخ کر کے ذبل اسپ اس پہ لیپ کریں۔ اور اندر ہانڈی کے بھی ذبل مذکور بھر کر اس

پر نوشادر کا میابی بقدر ضرورت رکھکر اس پر سے ذبل مذکور بھر کر منہ ہانڈی کا بند کر دیں۔ اور ہانڈی کو حسب سابق چقر پر رکھ کر اوپر ہانڈی کے خوب آنچ دیں۔ لیکن چقر میں قبل آنچ کرنے کے کچھ شیشی یا ظروف چینی کا رکھ دیں تاکہ تیل جو برآمد ہو۔ اس میں جمع ہو جائے۔ بعد سرد ہونے آگ کے ہانڈی کو اتار کر چقر سے تیل نکال کر کے کسی شیشی میں رکھیں۔ یہ تیل اکثر دھات کو پگھلاتا اور قائم کرتا ہے لیکن متانہ اور زیادہ تر نفع مند جب ہوتا ہے کہ جب نوشادر کے ہمراہ اسکے ہموزن توتیائے سبز کرمانی اور اس کا نصف وزن قلفطار ہندی بھی شریک کر لیں۔ تاکہ جملہ دھاتوں کے کام آوے۔ **ایضاً**: روغن شنجرف۔ شنجرف قافلی بقدر ضرورت اور نصف وزن اسکا ہڑتال ملا کر دونوں کو شیر گاؤ میں خوب پیسکر چھوٹی چھوٹی گولیاں بنا کر خشک کریں۔ اور بعد خشک ہونے کے ایک شیشی گردن دراز آتشی میں جس پر کئی مرتبہ کپر مٹی کی گئی ہو۔ بھر کر شیشی کے منہ کو گھوڑے کے بالوں کی ڈاٹ ڈھیلی لگا کر بطریق پتال جنتر روغن کشید کر کے باحتیاط تمام رکھیں۔ یہ روغن بھی رنگتا ہے۔ **ایضاً**: ترکیب روغن ہڑتال کی یہ ہے۔ ہڑتال بقدر کفایت لے کر زردی بیضہ مرغ و لعاب گھیکوار میں سحق کر کے

بدستور مذکور بالا حبوب بناکر بطریق مسطور روغن کشید کریں۔ یہ تیل بھی مہوسین کے نزدیک عمدہ چیز ہے۔ **ایضاً**: روغن سنکھیا سنکھیا کو باریک پیسکر شیر مدار میں خمیر کر کے بطریق مذکور غلولہ بناکر شیشی آتشی کے ذریعہ سے حسب سابق روغن کشید کرے۔ یہ تیل مہوسوں کیواسطے تماشا عجیب اور نامردوں کیواسطے خضر منزل مقصود ہے۔ اور واسطے جذام و آتشک و دیگر امراض سوداوی کے عجیب چیز ہے۔ اسکے فاعدے بعد تجربہ کے معلوم ہو سکتے ہیں۔ جاننا چاہیئے۔ جن اشیار میں گندھک و شنجرف و ہڑتال و سنکھیا کا روغن نکلتا ہے۔ پس انہیں میں اور ایسی دھاتوں کا اسی طریق سے تیل نکال کر کام میں لاویں۔ غرض ایسے ہی جن دھاتوں کا روغن لینا منظور ہووے عمل کریں ؁

فصل یازدہم یعنی گیارہویں فصل بنانے گلحکمت دیگر ترا کیب

متعلقہ علم صناعت مہوسی میں۔ ترکیب گل حکمت کی یہ ہے۔ کہ خاکستر کوزہ حدّاواں آدھ پاؤ۔ کھریا مٹی چھٹانک بھر آبک آب نا رسیدہ ۲ تولہ۔ سپیدی بیضہ مرغ ۷ عدد۔ لعاب اسبغول ۲ ماشہ و مار سب مٹیوں کو یکجا کر کے لعاب اور سپیدی مذکور میں ایک رات دن

خمیر کر کے دوسرے روز کام میں لائیں اور خشک کر دیں۔ **الضاً:**
ترکیب گل حکمت بطریق دیگر۔ سپیدہ از زیرہ، مار دخان سائبان، مار
گل واغستانی، مار گل ارمنی، مار۔ سب کو باریک پیس کر تین دن
آب زلال صمغ عربی میں خمیر کر دیں۔ چوتھے روز خوب سحق کر کے کام
میں لاویں یعنے جس چیز پر گلحکمت یا جس چیز کو بند کرنا ہو تو اس کی
ذریعہ سے کریں۔ یہ تراکیب ایسی مضبوط ہیں کہ ظرف ٹوٹ جائے مگر
فصل وصل نہ ہوگا۔ **الضاً:** مصطگی رومی، مار سپیدہ کاشغری، مار
گل مختوم، مار پنبہ کہنہ ریزہ کردہ، مار چونہ کھانے کا مار۔ سب کو لحاب
لسلسہ میں خمیر کرنے کے بعد بدستور متعارف کام میں لاویں۔ یہ ترکیب
جب استعمال کی جاتی ہے۔ کہ جب کسی چیز کا مضبوط کرنا لگانا ہوتا
ہے یا کوئی دھات اس قسم کی ہوتی ہے کہ آگ پر روک نہیں سکے
ورنہ اس قدر مضبوطی کی ضرورت نہیں ہوتی صرف اس ترکیب
سے جو کہ ذیل میں لکھتا ہوں کام نکل سکتا ہے۔ **الضاً:** ترکیب
سب سے زیادہ یہ ہے کہ گل واغستانی، مار انڈے کی سپیدی ۶
عدد میں خوب باریک پیس کر کپڑے کو اس میں خوب لت پت کر کے
آگ میں رکھیں انشاء اللہ فصل وصل نہ ہوگا۔ اور ظروف بھی
شکستگی سے محفوظ رہے گا۔ یہ ترکیب سب ترکیبوں سے زیادہ تر

آسان اور زیادہ مرّوج الحال ہے اور باقی بہت سی ترکیبیں عمدہ عمدہ موجود ہیں مگر بنظر اختصار اسی قدر پر اقتصار کرتا ہوں. انشاء اللہ اگر ہمارے پیارے شائقین نے کچھ قدر دانی فرمائی تو اس کتاب کے حصہ کو حصہ دوم میں اور بہت سی کار آمد باتیں اور عجائب صناعات کا گلدستہ بنا کر پیش کیا جاویگا. اس وقت اس رسالہ کو صرف تھوڑے سے صناعات مہوسی پر جو آگے لکھونگا ختم کرتا ہوں ؛

صنعت اوّل؛ پارہ کو گولی بناتے ہیں۔ پارہ کو پاک صاف کرکے امربیل کے ساتھ ایک گھنٹہ تک کھرل کریں۔ جب مثل مسکہ کے ہوجاوے تب اُٹھا کر کے گول جنتر میں رکھ کر گولی بنائیں۔ یہ گولی امساک بے حد کرتی ہے۔ اور قوت باہ زیادہ کرتے ہیں بے نظیر ہے اور مہوّسی کے کام میں لاجواب ہے۔ **ایضاً** ؛ پارہ صاف کیا ہُوا بقدر ضرورت لے کر عرق عنب الثعلب میں خوب سحق کریں. یہاں تک کہ مثل مسکہ ہوجاوے. تب ایک پارچہ میں رکھ کر خوب دبائیں. جو پارچہ سے نکل جائے. اس کو پھر کھرل کریں اور جو رہ جائے اس کو گولی بنا رہنے دیں۔ یہ گولی بھی عمدہ ہے اور اس کے خواص بھی مثل پہلی گولی کے ہیں مجرب ہے۔

ایضاً: پارہ ایک حصہ، جست ایک حصہ جست کو اولاً پگھلا کر جب خوب پگھل جائے۔ اس میں پارہ چھوڑ دیں اور ذراسی دیر میں فوراً اتار کر سانچہ کے ذریعہ سے گولی بنائیں۔ یہ گولی مہوسی کے جوڑہ بنانے کے کام میں آتی ہے اسی طرح سے پارہ کی گولی توتیائے سبز سے بھی بناتے ہیں۔ یعنی توتیا کے پانی میں پارہ کو سحق کرنے سے گولی تیار ہو جاتی ہے۔ لیکن یہ گولی مہوسی کے کام میں پورے طور سے کام نہیں دیتی ہے۔ ہاں امساک کیواسطے بے نظیر ہے اس کو شیر گاؤ میں معلق کر کے جوش دے کر شیر کو نوش جان فرمائیں۔ مقوی باہ اور مقوی کمر ہے۔ اگر منہ میں رکھ کر جماع کیجئے تو امساک بیحد ہووے بہتر ہے۔ **ایضاً:** نشست حب سیماب کو اس طور سے نشست دیں کہ تھوڑی اسی کو آب ہنسراج صحرائی میں خوب تر کر کے درمیان اس روئی کے بند کر کے اس کو روئی میں رکھ کر گل حکمت سے ۱۲سہ ثار پاچکدشتی کی آنچدیں۔ قائم النار ہو جاویگا۔ **ایضاً:** ترکیب بنانے پیالہ گندک کے۔ گندھک زرد مصفٰا ایک جزو و تر و خشک ایک جزو دونوں کو عرق رام نل میں سولہ پہر کامل خوب سحق کریں کہ مثل لیپ کے ہوجائے۔ اسکو لیکر رکھیں اور جسطرح کا چاہیں ظرف کی مٹی سے بنا کر خشک کریں۔ وہ مرکب سائدہ دوا اس ظرف مصنوع میں ہموار

کر کے خوب اچھی طرح سے لیپ کریں کہ ہر طرف سے ہموار اور مسطر ہو جائے۔ پس تین چار روز تک دھوپ میں خوب خشک کریں۔ جب اچھی طرح خشک ہو جائے۔ تب ظرف گلی کو اچھی طرح سے شکستہ کر کے ظروف گندھک کو نکال لیں۔ اور رومال ریشمی یا پارچہ ململ سے خوب صاف کر ڈالیں۔ پھر تھوڑا سندروس اُس پر مالش کریں۔ یہ پیالہ یا گلاس جو کچھ ہوگا واسطے امراض ریحی اور بدہضمی وغیرہ اور دفع خارشت ہر قسم کو ازبس مفید اور مجرب ہے۔

ایضاً ترکیب کشتہ کرنے پارہ کے۔ پارہ کو اولاً صاف کر کے شیر تہندہ میں ایک رات دن تر رکھیں پھر دوسرے روز نکال کر سپید کے لگاوے بنا کر اس میں رکھ کر اس کو اندر گل حکمت کر کے ۱۵ ثار کی آنچ دیں کشتہ ہو جائیگا۔ اس کو رانگ یا مس پر طرح دیتے ہیں۔

ایضاً دیگر ترکیب کھٹے بنانیکی۔ گل سپید یعنی کھریا مٹی ایک جز۔ پنبہ کوفتہ کہنہ ایک جز۔ سریشم ماہی ایک جز۔ سب کو انڈے کی سپیدی میں خمیر کریں اور بعد تیسرے روز کے نکال میں ملا کر تھوڑی سی گھن پر خوب کوٹیں تاکہ سب اجزا ایک ہو کر پس جائیں۔ تب اس میں سے تھوڑی سی مٹی ملا کر جس شکل کی کھریا چاہیں بنائیں اور بعد خشک ہونیکے کام میں لائیں۔ **ایضاً** ترکیب دیگر یہ ہے کہ مٹی پیلی

ایک جز۔ بسنگجراحت ایک جز۔ صمغ عربی ایک جز خبث الحدید ایک جز۔ سب کو خمیر کر کے خوب کوٹ کر جس طور چاہیں کام میں لائیں۔ خواہ کوٹھالی خواہ اس سے گل حکمت کا کام لیں۔ دونوں طرح سے کام میں آتی ہے۔ اور اسکی بنائی ہوئی کوٹھالی وغیرہ بہت مضبوط اور پائیدار ہوتی ہے۔ **ایضاً** سیماب نقلی بنانے کی ترکیب۔ سیماب یعنی پارہ ایک جز لیکر ایک چینی کے برتن میں بھر کر اس میں ایک آلہ اسی وزن کا اُسے درے کے اسرب میں ڈال کر ایک رات دن بند کر کے رکھدیں دوسرے روز کام میں لائیں عمدہ پارہ ہوگا۔ **ایضاً** ترکیب افزا یعنی خراب اور بگڑے ہوئے زنگ طلاء کو نکھارنے والی یہ ہے کہ ناقص طلار کھلے کر اولاً صاف کر لیں۔ پھر آگ پر خوب اچھی طرح گرم کر کے آب زمین قند میں سات بار بجھاؤ دیں۔ پھر اسی طرح سات بار روغن سندورس میں بجھاؤ دیں پھر دوبارہ روغن السی میں بجھاؤ دے کر کسی باریک کپڑے سے خوب مل ڈالیں۔ پھر تھوڑی سی چربی کی اس پر مالش کریں نہایت مجلے اور مصفا ہوگا۔ **ایضاً** ترکیب کچلی کرنے پارہ کی یہ ہے۔ سیماب مقوی ایک جز۔ ہڑتال طبقی نصف جز۔ سب کو کھرل میں ڈالکر تھوڑا آب عناب ڈالکر خوب سحق کریں یہانتک سب سیماب مردہ ہو کر برنگ خاکستر سیاہ ہو جاوے تب

اس کو لے کر کسی شیشی کے ظرف میں رکھیں اور عند الحاجت مسی وغیرہ پر کام میں لاویں یا کسی بدرقہ مناسب کے ہمراہ کسی سست شخص کو کھلائیں۔ پھر تماشہ دیکھیں۔ لیکن چاہیئے کہ اس کے اوپر سے ایک پاؤ شیر تازہ گاؤمیش نوش کریں نہایت مفید ہے۔

فلزات کا بیان

فلزات دراصل کچی دھات کو کہتے ہیں۔ کہ جو معدن سے اپنی حالت میں نکلے۔ اور اصطلاح میں دھات اس نام کا ہے۔ جو قابل ضرب سندان ہو اور وہ نزدیک حکما کے سات ہیں۔ یعنی سونا۔ چاندی۔ تانبہ۔ لوہا۔ جست۔ سیسہ۔ قلعی اور بعض حکماء پیتل کو ملا کر ہشت دھات سے موسوم کرتے ہیں۔ مگر دراصل پیتل میلا ہے۔ یعنی مصنوعی دھات ہے کہ جست اور تانبے کی ملاوٹ سے بنتا ہے۔ کانسی بموجب اصطلاح کے دھات نہیں ہے۔ کیونکہ قابل ضرب نہیں ہے۔ اب ہم ہر ایک کا بیان علیحدہ علیحدہ کرتے ہیں۔ جس سے ہر ایک دھات کی حالت کماحقہٗ معلوم ہو سکتی ہے۔ سب سے اول ہم سونے کا ذکر کرتے ہیں کہ یہ کیا دھات ہے۔ اور اس کے بنانے کا کیا طریقہ ہے۔ اول ہم طبعی

خواص لکھتے ہیں:-

سونا

یہ دہات سب سے اعلےٰ اور افضل شمار کی جاتی ہے طبیعت اسکی گرم اور نازک اور مقوی دل اور دافع مرگی وخوف ہے اگر منہ میں رکھو تو خفقان اور وہم زائل ہو جائے۔ خصوصاً ایک تولہ سونے کی ہڑ یعنی بشکل مقدار ہلیلہ سیاہ کے بنوا کر منہ میں رکھ کر آہستہ آہستہ لعاب دہن چوسنا وسواس کو نافع اور بدبوئے دہن کو نافع ہے۔ اور اس کے ورق کا سرمہ مقوی بصر ہے۔ اگر اس سے کسی عضو کو داغ دیں۔ تو داغ بہت جلد اچھا ہو۔ مگر اس کی سلائی کا زخم دیر میں بند ہوتا ہے۔ اہل ہند اس کے طرح طرح کے زیور اور کھلونے اور دیگر منقش اشیاء بنا کر بڑی قدر سے خرید و فروخت ہوتے ہیں۔ اس کا وزن سب دہاتوں سے بھاری ہے۔ پارہ میں سوائے اس کے اور کوئی دہات غرق نہیں ہوتی۔ اس کی پیدائش کا حال یوں لکھا ہے۔ کہ اگر پارہ اور گندھک دونوں صاف اور مقدار میں برابر ہوں اور گندھک میں قوت جاذبہ اس قدر ہو۔ کہ پارہ کو جذب کرے اور رنگ ایسا تیز اور پختہ ہو کہ پارہ کو سرخ کر دے۔ اور معدن میں تجارت آفتاب

کی مدد سے اس قدر حرارت ہو کہ دونوں کو ملا دے۔ تو چند عرصہ میں
اگر کوئی اور امر مانع اتحاد کا نہ ہو تو سونا ہو جاویگا۔ اس کے اجزا
آگ میں جدا نہیں ہو سکتے۔ اور چونکہ اجزا آبی اور خاکی ہیں۔ اس
لئے اس کو نہ زنگ لگے۔ اور نہ مٹی کھائے۔ اس میں نرمی بسبب
دہنیت کے ہے۔ ورنہ یہ دہات بہت سخت ہوا کرتی ہے چونکہ اس
میں اجزا ناری ہیں۔ اسلئے اسکی زردی افشان اور درخشاں ہے
برخلاف پیتل کے اس میں خوشبو اور شیرینی بسبب پانی کی
ملاوٹ کے اور ثقل وزن بسبب اجزائے خاکی کے ہے۔ اس کو
کوٹ کر ورق بناتے ہیں۔ اور مربۂ آنولہ یا سیب سے کھانے سے قوت
جگر اور دل کو تقویت بخشتا ہے ؛

چاندی

چاندی سونے سے دوئم درجے پر ہے اس کی بہت سی اشیاء
استعمال میں آتی ہیں اور زیور وغیرہ اور اکثر بادشاہوں کے کھانے
کے برتن اسی کے بناتے ہیں اور لوگ اس کو متبرک شمار کرتے ہیں
وزن میں اور ملائمیت میں سونے سے کم ہے۔ اور سونے کی نسبت
آگ میں جلدی پگھل جاتی ہے۔ چونکہ اس میں میل ہوتا ہے۔ لہذا آگ

میں جلانے سے جل جاتی ہے اور زمین میں دبانے سے بوسیدہ ہو جاتی ہے۔ اگر قمری کی نظر مشتری سے ساعت ہو تو تین سال میں سردی پاکر منعقد ہوتی ہے۔ اور پیدائش کا حال یہ ہے۔ کہ اگر پارہ اور گندھک ہر دو صاف ہوں۔ اور کل شرائط وہی ہوں۔ جو سونے میں مذکور ہوئیں۔ مگر گندھک میں رنگ نہ ہو۔ تو چاندی ہو اس کا سرمہ مقوی بصر اور چاندی محلول کھانسی کو مفید ہے۔ اس کا ورق آنولہ کے مربہ کے ساتھ کھانا مقوی دل و دماغ ہے۔ اس کا تیزاب بواسیر پر لگانا مسوں کو زائل کرتا ہے۔ اس کے پیالہ میں شراب کا پینا بہت نشہ دیتا ہے ؛

خاصیت تانبا

بعد سونے اور چاندی کے افضل دھات تانبا ہے۔ اور مستعملہ اشیاء کے بنانے کا بڑا جزو ہے۔ اہل ہنود اس کو پاک سمجھتے ہیں۔ اس کے برتن میں نہیں کھاتے۔ اور مندروں میں دیوتاؤں کو جل چڑھانے کے واسطے چمچے بنا کر رکھتے ہیں جس کو ارکھا کہتے ہیں۔ اس کی طبیعت گرم و خشک ہے اور سمیت کا اثر رکھتی ہے۔ اس کے برتن میں کھانا رکھنے سے جلد خراب (باقی صفحہ ۳۳ پر)

ہوجاتا ہے۔ بے قلعی تانبے کے برتن میں کھانا کھانا مضر صحت ہے۔ سرمہ اس کا مقوی بصر اور برادہ اس کا خضاب میں بہت کار آمد ہے۔ ارسطو کا قول ہے۔ کہ اگر گندھک رومی اور پارہ صاف ہو مگر قوت احتراق قوی ہو۔ اور باہم اختلاط عمدہ ہو تو تانبا پیدا ہوگا۔ اس کی سلائی کا زخم کم اچھا ہوتا ہے۔ اس کے کئی اقسام ہیں۔ سیاہ۔ سرخ۔ سفید کانسی۔ سرخ سب سے عمدہ تانبا ہے۔ سیاہ ناقص ہوتا ہے۔ سفید تانبے کو جھوٹی چاندی کہتے ہیں۔ اکثر بعض صناع کسی ترکیب سے چاندی اور تانبے کو باہم ملا کر دوئم درجہ کی چاندی بنا لیتے ہیں۔ کانسی بھی ایک قسم کا تانبا ہے جس کا بیان ہم آگے چل کر کریں گے۔ مشہور ہے۔ کہ تانبا مقام جاپان اور ایران سے آتا ہے۔ یہ بہت دیر میں گلتا ہے۔ مگر جست کی ملاوٹ سے جلد ڈھل جاتا ہے ؎

خاصیت لوہا

یہ دھات بہت سخت اور کثیر الاستعمال ہے۔ اس

کی ہزار ہا اشیار بنائی جاتی ہیں ۔جو نہایت مضبوط اور کثرت سے دستیاب ہوتی ہیں ۔ اس کا رنگ عمدہ نہیں ہوتا ۔ اس لئے قیمت میں ارزاں بکتی ہے ۔ خاصیت اس کی اطباء نے گرم وخشک لکھی ہے ۔ اور اس کو مقوی معدہ کہا ہے ۔ اور اس کا ضماد وجع المفاصل کو نافع ہے ۔ اور جو شخص خواب میں خراٹے لیتا ہو ۔ اس کا برادہ اس کے گلے پر باندھنا مفید ہے ۔ اور اس کا برادہ خضاب اور آتشبازی میں کار آمد ہے ۔ اور اس کا بجھا ہوا پانی تاپ تلی یعنی عارضہ طحال کو مفید ہے اور اس کو پانی میں گھس کر مقام مار گزیدہ پر لگانا نافع اور زنگ ڈھلکہ چشم اور گرانی چشم کو فائدہ بخشتا ہے ۔ اگر میخ آہنی کو گرم کر کے تلوار پہ ملو ۔ تو زنگ نہ لگے ۔ اور بقول حکمار متقدمین اگر گندھک اور پارہ یہ دو ناقص ہوں اور قوت احتراق از حد ہو ۔ مگر ملاوٹ درست ہو تو لوہا پیدا ہوگا ۔ یہ دھات بہت محنت سے گلتی ہے ۔ اہل ہند کو اس کا ڈھالنا یاد تھا ۔ مگر مگر اہل مغرب نے اس کا ڈھالنا نکال لیا ہے ۔ اور واضح

ہوکہ سنم الفار کے ڈھالنے سے جلد ڈھل جاتا ہے۔ اور زمین مین رکھنے سے اسکو زنگ کھا جاتا ہے ٭

کُشتۂ زر

سونے کے برادہ کو ایک تولہ چولائی خار دار کے نگدے میں رکھ کر گل حکمت کر کے پانچ سیر جنگلی اُپلے کی آگ میں پھونک دو عمدہ کشتہ ہوگا۔ خوراک ایک رتی پان میں یا برگ تنبول میں رکھ کر کھاؤ۔ جمیع امراض بدنی کو مفید ہوگا۔ اور بالخصوص معدہ اور قلب وجگر کی اعلیٰ درجہ کی اصلاح کرتا ہے۔ اور باہ بڑھاتا ہے۔ بھوک زیادہ کرتا ہے ٭

کُشتہ مبلغ

اوّل روپیہ مچھلی دار یا پتر چاندی کو آدھ سیر تلی کے بجھاؤ دے کر اور روپیہ بقیہ فضلہ تلی میں رکھ کر پانچ سیر اُپلوں کی آگ میں پھونک دو۔ اول کپڑ وٹی کر لو۔ کشتہ عمدہ ہوجاوے گا ٭

کشتہ چاندی

شیر مدار اور گھونگچی سفید دو دو تولہ کو مخلوط کر کے پتر چاندی یا مبلغ پر ضماد کر دو اور سلگا کر دوسرا ضماد کر دو۔ اسی طرح کل ادویہ مذکورہ کا لیپ کر دو۔ اور ایک پاؤ پیپل کی چھال باریک پیسکر اس میں روپیہ مذکور رکھ دو۔ اور دس سیر پاچک صحرائی میں پھونک دو کشتہ عمدہ ہو جائے گا۔

کشتہ مبلغ کو اوّل کٹائی کلاں یعنی ستیا ناسی کے عرق میں ایک سو ایک بجھاؤ دے کر دوبارہ اس کے نگدے میں جو بقدر نیم آثار کے ہو۔ دس سیر اُپلوں کی آگ دے دو۔ کشتہ سخت ہو گا۔ اسی طرح دوسری آگ دے دو۔ عمدہ اجوائن خراسانی اور شیر مدار اور سجی کے کھار میں رکھ کر اوپر سے نگدے کٹائی مذکور نیم ثار میں بطریق مذکور آگ دے دو۔ روپیہ کھیل ہو جائے گا۔ یہ کشتہ پارہ کے پانی کو بھی جذب کرتا ہے۔

کشتہ مبلغ کو اوّل گدھی کے پیشاب میں ایک سو ایک بجھاؤ

دو۔ اثار برگ گھونگچی سفید کے نگدے آدھ پاؤ میں رکھ کر گل حکمت کر کے دس سیر اُپلوں کی آگ میں پھونک دو۔ عمدہ کشتہ ہوجاوے گا۔

دیگر کشتہ مبلغ کو کریل کے نگدے میں جو بقدر نیم ثار ہو۔ دس سیر اُپلوں کی آگ میں پھونک دو۔ کشتہ عمدہ ہوجائے گا۔ اگر ایک مرتبہ میں نہ ہو۔ تو شیر مدار میں ۱۲ بجھاؤ دے کر اور یمن پھل اور برگ لیکاتن آدھ آدھ پاؤ کے نگدے میں دس سیر کی آگ دو روپیہ کھیل ہوجائے گا۔

کشتہ اشرفی مسلم کو اوّل عرق تاڑ کے پتے جو دیوار پختہ کہنہ پر ہوتی ہے ۱۲ بجھاؤ دو۔ بعدہ اس کے نگدے آدھ پاؤ میں رکھ کر دس سیر اپاچک صحرائی کی آگ دو۔ بہت عمدہ کشتہ ہوگا۔ مؤلف اوراق نے بارہا اس کا تجربہ کیا ہے۔ محض بنظر نفع خلائق درج کتاب کیا گیا۔ تاکہ لوگ اس سے فیض یاب ہوں۔

کشتہ اشرفی لجونتی سیاہ کے نگدے آدھ پاؤ میں اشرفی کو دس سیر کی آگ دو۔ کشتہ ہوجائے گی۔

کشتہ مس اوّل پتر مس کو عرق بھنگرہ سیاہ میں ۲۱

بجھاؤ دو۔ بعدہٗ اس کے نگدے آدھ پاؤ میں دسنل سیر کی آگ دو
کشتہ برنگ سُرخ ہوگا۔

کشتہ مِس اوّل۔ لدو شاہی پیسہ کو پتر کرلو اور اس کے
اوپر رانگہ ایک تولہ چڑھا دو۔ اور برگ گدھاسٹہ یعنی بسکھپرہ
کے نگدے نیم ثار میں رکھ کر دسنل سیر کی دو آگ دو۔
کشتہ سفید ہوجاوے گا۔

کشتہ رانگہ: پتر کرکے ہلدی میں رکھ کر پانچ سیر پاچک
صحرائی کی آگ دو۔ کشتہ ہوجائے گا۔

کشتہ دیگر: رانگہ پتر کرکے مغز گھیکوار میں رکھ کر پھونک
دو۔ کشتہ ہوجائے گا۔ اسی طرح نگدے بھنگ آدھ پاؤ میں
کشتہ ہوتا ہے۔

کشتہ گاؤ دنتی: گاؤ دنتی کو مغز گھیکوار میں رکھ کر
ایک ظرف گلی میں گل حکمت کرکے پاچک صحرائی پانچ سیر میں
آگ دے دو۔ سرد ہو تو نکال لو۔ بہت عُمدہ کشتہ ہوگا۔ یہ
کشتہ ایک چاول سے چار چاول تک پان یا ملائی میں کھاؤ۔
بھوک بڑھاتا ہے۔ باہ کرتا ہے۔ درد ریاح دُور کرتا ہے۔ قلب
و جگر کو تقویت دیتا ہے۔ ام الصبیان کا عارضہ دُور کرتا ہے۔

اسہال کبدی کو روکتا ہے۔ ہضم طعام کرتا ہے۔ موسم سرما میں اس کا استعمال چاہیئے۔ مجربہ مولانا فتح محمد صاحب شیراز السہسوانی ⁂

کشتہ مس

مس کو نیلا تھوتھا پیس کر لگاؤ۔ جب خشک ہو جائے ایک تولہ ہڑتال طبقی کا لیپ کرو۔ ایک سیر اپلوں میں رکھ کر پھونک دو۔ کشتہ ہو جائے گا۔ یہ کشتہ جہوسی کے کام میں آتا ہے۔ کھایا نہیں جاتا ہے۔ اور امراض چشم کے نسخوں میں کام آتا ہے۔ مجرب المجرب ہے ⁂

دیگر کشتہ مس

مس کو پھٹکڑی سفید اور شیر مدار میں کھرل کر کے فلوس پر لیپ کر دو۔ اور پانچ سیر اوپلوں میں پھونک دو۔ عمدہ کشتہ ہو جاوے گا ⁂

کشتہ مس دیگر

مس کو اول عرق بھنگرہ میں ۲۱ بجھاؤ دے کر جا لگوٹہ

اور بھلائیں ایک ایک چھٹانک کے نگدے ہیں رکھ کر پانچ سیر پاچک صحرائی میں پھونک دو۔ کشتہ ہوگا۔

کُشتہ فولاد

اول فولاد کا برادہ کر کے عرق چوکہ تپیتا میں جو ایک چھٹانک ہو۔ دھوپ میں رکھ دو۔ تین روز میں کشتہ ہو جائے گا۔ آزمودہ ہے۔

مرگانگ بنانیکی ترکیب

سونے کا پتلا ورق کرا کر گرم تیل اور کانجی اور مٹھے اور ترپھلے اور گائے کے پیشاب اور کلتھ کے کاڑھے میں دو دو بار بجھاوے۔ پھر سونے سے دو تا پارہ لے۔ اور سونے کے ورق کو کھٹائی کے ساتھ کھرل کرے۔ پھر اس کا گولا بنا کر ان دونوں کے برابر آنولہ سار گندھک اس گولے کے نیچے اوپر دے اور کٹورے میں رکھ کر اس کے کپرمٹی دے اور گج پٹ میں پھونک دے۔ اسی طرح اس میں تین

پٹھیں دے تو یہ عمدہ مرگانگ ہو۔

یا عمدہ سونے کا ورق لے کر اس میں اس کا سولھواں حصہ سیسہ ڈالے۔ ان دونوں کو کھٹائی سے کھرل کر کے پھر اس کے نیچے اوپر گندھک مصفّا ان کے برابر دے۔ اور کٹورے میں رکھ کر اس کو کپروٹی کر کے گج پٹ میں پھونک دے۔ اسی طرح سات پٹھیں دے تو مرگانگ عمدہ بنے۔

یا سونے کا ورق منگا کر اس کے برابر کھٹائی سے کھرل میں پارہ چڑھا دے۔ پھر اس میں کچنار کے رس کی ایک پٹھ دے۔ پھر اس میں اگن چھالے کے رس کی تین پٹھیں دے۔ پھر اس میں سونے سے چوتھا حصہ موتی ڈال کر کھرل کر کے اس کا گولا سروے میں رکھ کر کپروٹی کر کے گج پٹ میں پھونک دے جب ٹھنڈا ہو جاوے تو عمدہ مرگانگ بنے گا۔

مرگانگ کے کھانے کا طریقہ

ایک رتی مرگانگ لے کر اس میں ڈھائی دام شہد اور

ایک پیپل ملا کر کھاوے ۔ تو کھانسی ۔ دمہ ۔ چھینی ۔ لغزت وغیرہ سب بیماریوں کو دور کرے ۔ دو مہینے تک کھاوے تو بدن میں تازگی لاوے ۔ پرہیز سے رہے اور کھٹائی وغیرہ نہ کھاوے ؛

روپ رس

یعنی چاندی کے کشتے کا طریقہ

ورق نقرہ تین حصہ ۔ ہڑتال کا ورق ایک حصہ ۔ پھر ان دونوں کو کھٹائی سے کھرل کرے ۔ پھر ان کا گولا بنا کر اور کٹورے میں رکھ کر گجپٹ میں پھونک دے ۔ اسی طرح چودہ پٹھیں دے تو روپ رس بہت عمدہ بنے ۔ اور ایک رتی بھر ہی روز کھاوے ۔ تو بہت ہی فائدہ کرے ۔

یا چاندی کے ورقوں کے نیچے اوپر رو یا ماکھی برابر کر کے رکھے ۔ اور سر دے کے سمپٹ میں پھونک دے تو روپ رس عمدہ ہو ۔ ایک رتی ایک مہینے تک کھاوے تو بہت فائدہ کرے ۔

تامیسر

یعنی تانبے کے کشتہ بنانیکی ترکیب

عمدہ تانبے کا گہرا ورق بنوا کر تیل مٹھے اور ترپھلے کی رس میں سات مرتبہ صاف کرے۔ پھر ان پتروں کے برابر روپا ماکھی باریک پیس کر اوپر اور نیچے کر دے۔ اور سردے میں سمپٹ کرکے گجپٹ میں پھونک دے۔ تو عمدہ تامیسر بنے۔ اور ایک رتی ہر روز مہینے بھر تک کھاوے۔ تو دمہ، کھانسی وغیرہ سب بیماریاں دفع ہوں۔ اور بہت فائدہ مند ہے ؎

ناگیسر

یعنی سیسے کے کشتے کی عمدہ ترکیب

سیسے کو گلا کر تیل میں، مٹھے میں، گائے کے پیشاب میں، کانجی میں، ترپھلے کے پانی میں، آک کے دودھ میں

سات سات بار بجھاوے ۔ پھر کڑچھی میں رکھ کر چولہے
پر چڑھا کر نیچے آگ جلاوے ۔ پھر سیسے کے اوپر پیپل
کے چبوترے کا اور املی کے چبوترے کا چورن سیسے
سے چوتھائی لے ۔ اور اس سیسے کے اوپر تھوڑا تھوڑا
